★★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 15 ربیع الثانی 1446ھ 19 اکتوبر 2024ء 2 کاتک 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 03

اللہ ایک ہے تم فرمادو وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

طالبہ سے زیادتی کا کوئی ثبوت نہیں ملا

خصوصی کمیٹی نے وزیراعلیٰ پنجاب کو رپورٹ دیدی

کمیٹی نے 28 کے قریب طلبا اور طالبات کے انٹرویوز کیے جس میں طلبا اور طالبات نے بیان میں ادھر اُدھر سے سننے کا بتایا جبکہ آئی سی یو میں رہنے والی لڑکی سے بھی تفصیلی بات کی گئی

کمیٹی نے ہنگامہ آرائی اور افواہ پھیلانے والوں کے ٹرائل خصوصی عدالت میں کرنے کی سفارش کی ہے اور سائبر کرائم کے جانچ پڑتال کا ڈیپارٹمنٹ پنجاب میں بنانے کی بھی سفارش کی ہے



وزیراعظم شہباز شریف غزہ کی صورت حال بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں کالج کی طالبہ سے مبینہ زیادتی کے معاملے پر بنائی گئی خصوصی کمیٹی نے اپنی رپورٹ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو پیش کر دی۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ رپورٹ کے مطابق کالج میں لڑکی سے زیادتی کا کوئی ثبوت نہیں ملا اور نہ ہی مبینہ زیادتی کے حوالے سے کوئی میڈیکل شاہد ملا ہے۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی نے 28 کے قریب باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

گورنر پنجاب نے اسمبلی سے منظور ہونے والے تین مسودات قوانین پر دستخط کر دیئے

حاف پانی اتھارٹی ایکٹ 2024ء، ڈاؤ آف کرمنل پروسیجر (ترمیمی) اور پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیشن ایکٹ شامل

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے اسمبلی سے منظور ہونے والے تین مسودات قوانین پر دستخط کر دیئے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے صاف پانی اتھارٹی ایکٹ 2024ء، ڈاؤ آف کرمنل پروسیجر (ترمیمی) اور پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیشن ایکٹ پر دستخط کیے۔ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

ہائیکورٹ نے صحافیوں کو روڈا میں پلاٹس دینے کیخلاف درخواستیں واپس لینے کی بنیاد پر نمٹا دی

کوئی رپورٹر ایسا نہیں میرے لیے سب برابر ہیں، 3200 سے زیادہ صحافیوں کو 5 مرلے کے پلاٹس ملیں گے عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے صحافیوں کو روڈا اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی (روڈا) میں پلاٹس دینے کے خلاف درخواستیں واپس لینے کی بنیاد پر نمٹاتے ہوئے حکم امتناعی بھی ختم کر دیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس سلطان تنویر احمد نے صلاح الدین سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی۔ صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری بھی عدالت کے روبرو پیش ہوئیں۔ دوران سماعت درخواست گزاروں کے وکیل نے استدعا کی کہ درخواستوں کو واپس لینا چاہتے ہیں۔ جس پر عدالت نے درخواستیں نمٹاتے ہوئے حکم امتناعی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

وزیراعظم شہباز شریف اور بلاول بھٹو کی آئینی ترمیم پر مولانا فضل الرحمان کو منانے کی کوششیں جاری

آئینی ترامیم پر کوئی پیشرفت نہیں ہوسکی، ہم پوری فراخدلی سے حکومت کے ساتھ بیٹھے ہیں، کچھ چیزیں ابھی بھی مشاورت کے قابل ہیں، ترمیم متفقہ ہونی چاہیے، تمام اپوزیشن جماعتوں کو آن بورڈ لیا جائے، مولانا فضل الرحمن

وزیراعظم شہباز شریف اور بلاول بھٹو کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات

وزیراعظم شہباز شریف اور بلاول بھٹو کی آئینی ترمیم پر مولانا فضل الرحمان کو منانے کی کوششیں جاری ہیں اور دونوں رات گئے ان کی رہائش گاہ پہنچ گئے جہاں ان کی ڈیڑھ گھنٹہ ملاقات ہوئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سوشل میڈیا پر غلط استعمال باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے عدالت میں اپنے بیان میں بتایا ہے کہ پی ٹی آئی رہنما اور عمران خان کے فوکل پرسن انتظار باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

عمران خان کے فوکل پرسن انتظار بچھتا کا حامل پتہ نہ چل سکا، اسلام آباد پولیس کا عدالت میں بیان

اسلام آباد ہائیکورٹ نے اپنے وکیل انتظار حسین بچھتا کی بازیابی کی درخواست پر سماعت 21 اکتوبر تک ملتوی کر دی

بجلی اور گیس سیکٹر میں 4881 ارب روپے کے گردشی قرضے پر قابو پانے کا منصوبہ تیار

15 فروری 2025 سے گیس ٹیرف میں اضافہ کرنے کا بھی فیصلہ کر لیا گیا، وزارتیں

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے بجلی اور گیس سیکٹر میں گردشی قرضے پر قابو پانے کے لئے صارفین کو مہنگی سبسڈی سے ہاتھ کھینچ لیا۔ عالمی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

190 ملین پاؤنڈ ریفرنس، عمران خان، بشریٰ بی بی کی بریت کی درخواستوں پر سماعت کی کاز لسٹ منسوخ

اسلام آباد ہائی کورٹ میں دونوں کی بریت کی درخواستوں پر 24 اکتوبر کو سماعت نہیں ہوگی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ہائی کورٹ نے 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس میں بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی وزیر اعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی بریت کی درخواستوں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

خاتون محتسب نے یونیورسٹی آف گجرات کو ایک لاکھ روپیہ جرمانہ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

یونیورسٹی آف گجرات کو جرمانہ ہراسمنٹ کمیٹی نہ بنانے اور ہراسمنٹ کوڈ آف کنڈکٹ آویزاں نہ کرنے پر کیا گیا

لاہور (این این آئی) خاتون محتسب پنجاب نیلہ ہراسانگی سے تحفظ اور خواتین کے جائیداد میں حق حاکم خان نے یونیورسٹی آف گجرات کو ایک لاکھ کے قانون 2021 کے تحت یونیورسٹی آف گجرات باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27 روپیہ جرمانہ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، کام کی جگہ پر

سپریم کورٹ، سرکاری ملازمین کے بچوں سے متعلق تمام پالیسیز، پیکیجز اور کوٹہ غیر آئینی قرار

سندھ سول سروسز رولز 1974ء کے سیکشن 11۔اے کو بھی کالعدم قرار دے دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے جنرل پوسٹ آفس (جی پی او) کی اپیل منظور کرتے ہوئے سرکاری ملازمین کے بچوں سے متعلق تمام

محکمہ خزانہ نے پبلک ٹریننگ کالج، محکمہ زراعت کو گرانٹس جاری کر دیں

محکمہ زراعت کے بیری پروموشن پلان کیلئے 35 کروڑ 50 لاکھ روپے جاری کیے گئے

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ نے سپیشل کمپلیکس، پولیس ٹریننگ کالج اور محکمہ زراعت کو گرانٹس جاری کر دیں، محکمہ خزانہ کے بجٹ مذکورہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

اساتذہ کو ٹریننگ کیلئے بیرون ملک بھجوانے کا فیصلہ

اسٹاف آفیسرز ایکسچینج پروگرام کے تحت اے ای اوز کو ٹریننگ نیڈ اسیسمنٹ انسٹرکٹر تعینات کیا جائے گا

کرنے اور اے ای اوز کو ٹریننگ نیڈ اسیسمنٹ انسٹرکٹر تعینات کیا جائے گا تاکہ اے ای اوز کو باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

ہائیکورٹ نے ڈاکٹر عافیہ کی سزا معافی کیلئے امریکی صدر کو خط لکھ دیا

ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا معافی کے لیے خط وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر کو لکھا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا معافی کیلئے امریکی صدر کو خط لکھ دیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی امریکی جیل سے رہائی اور وطن واپسی کے کیس کی سماعت کی جس سلسلے میں ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ حکومت پاکستان نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا معافی کے لیے امریکی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

وفاقی حکومت کا سردیوں کی آمد پر غرہ امداد بھجوانے کا فیصلہ

عالمی برادری غزہ کے غریب عوام کی امداد کرے، دہاں جنگ بندی کے لیے کردار ادا کرے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سردیوں کی آمد پر غزہ کے لیے امداد بھجوانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس امدادی سامان میں کمبل، رضائیاں اور ادویات اور گرم ملبوسات شامل ہوں گے۔ امدادی سامان میں 12 ہزار سے زائد کمبل بھی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

آئینی ترمیم پر مولانا فضل الرحمان سے بات، بن جائیگی، مصدق ملک

ہم دونوں پیٹیشن پارٹی کی بھی بات سن رہے ہیں، وفاق وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم مصدق ملک نے امید ظاہر کی ہے کہ آئینی ترمیم پر مولانا فضل الرحمان سے بات بن جائے گی، ہم باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6



اسلام آباد: جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سے اپوزیشن جماعتوں کے رہنما ملاقات کر رہے ہیں

شوال میڈیا کے استعمال میں غلط اور معصوم بچیوں کی زندگی خراب کرنے کی کوشش کی گئی، عظمیٰ بخاری

ایک بچی کے نام پر 3 بچیوں کی تصاویر لگائی گئیں، ایک اور بچی نے وزیراعلیٰ مریم نواز سے خود رابطہ کیا

پنجاب میں منظم طور پر امن وامان کی صورتحال خراب کرنے کی سازش کی جارہی ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (سعید فیاض) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر غلط استعمال کی گئی، ایک بچی کے نام پر 3 بچیوں کی تصاویر لگائی گئیں، ایک اور بچی نے وزیراعلیٰ مریم نواز سے خود رابطہ کیا، جو بچی احتجاج میں پیش ہوئی اس کی بھی ویڈیو لگائی گئی، دوسروں کی بچیوں کا لحاظ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پراس کنٹرول سسٹم کے تحت کے لئے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

حکمران عدلیہ کی آزادی پر شب خون مارنے جارہے ہیں، بیرسٹر سیمت

آزاد عدلیہ کی ظلم و بربریت کے خلاف موثر ردعمل ہونا چاہیے، بیرسٹر گوہر علی

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ آزاد عدلیہ کی ظلم و بربریت کے خلاف موثر ردعمل ہونا چاہیے، بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ حکمران عدلیہ کی آزادی پر شب خون مارنے جا رہے ہیں۔ اپنے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

پشاور ہائیکورٹ، رہنما پی ٹی آئی عمر ایوب کی راہداری ضمانت منظور

ایک ارب سے تین ارب روپے تک ہمارے ممبران اسمبلی کو آفر کی جارہی ہے، عمر ایوب

کرلی اور انہیں 7 دہشتگرد حملوں کا شبہ ہے، پولیس پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے رہنما پی ٹی آئی عمر ایوب کی راہداری ضمانت منظور باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

اسرائیل کا بڑا حملہ، حسن نصر اللہ کے شہید ہونے کی تصدیق کر دی

یحییٰ سنوار کی شہادت سے فلسطینی مزاحمتی تحریک نے مزید جوش پکڑ لیا ہے، یحییٰ سنوار کی شہادت غاصب اسرائیل کے لیے تباہی کا پیغام ثابت ہوگی، خلیل الحیہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حماس کی مزاحمتی تحریک حماس نے اسرائیلی حملے میں یحییٰ سنوار کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29



اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں



اسلام آباد: جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سے اپوزیشن جماعتوں کے رہنما ملاقات کر رہے ہیں

گرینڈ چیمبر آف انٹس کامطالبات کے حق میں (آج) ایجوکیشن کمپلیکس کے باہر احتجاج کا اعلان

لاہور (این این آئی) گرینڈ چیمبر آف انٹس کے مطالبات کے حق میں آج (ہفتہ) کے روز ایجوکیشن کمپلیکس کے باہر احتجاج کا اعلان کر دیا ہے۔ انٹس کے جنرل سیکرٹری رانا ثیات علی نے بتایا کہ تیرہ ہزار سکولوں کو فیکٹ پر دینے اور سکول کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

ساحہ ماڈل ٹاؤن کیس گواہ آئندہ سماعت پر طلب

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے ساحہ ماڈل ٹاؤن کیس میں گواہ سید افتخار حسین آئندہ سماعت پر طلب کر لیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت میں دس سال پرانے ساحہ ماڈل ٹاؤن کیس پر سماعت ہوئی، انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ارشد جاوید نے کیس پر سماعت کی۔ دوران باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

پی آئی اے کو لندن میں دو جگہ اور ملازمین کو 5 لاکھ پاؤنڈ دینے کا حکم

لندن میں ملازمین کی اپیل ایئر ٹریبونل نے پی آئی اے کے 8 سابق ملازمین کی اپیل منظور کر لی، ٹریبونل کا فیصلہ

لندن (این این آئی) قومی ایئر لائن پی آئی اے کے 8 سابق ملازمین لندن کی عدالت میں ہار گئی۔ عدالت نے سابق ملازمین کو پانچ لاکھ پاؤنڈ یعنی ہر کیس کے ورثہ کو دو لاکھ پاؤنڈ دینے کا حکم دیا۔ پی آئی اے نے 8 ملازمین کو دو سال قبل ملازمت سے برطرف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

تعلیمی اداروں میں حاضری کی تحقیقات سے متعلق فل بنچ بنانے کا فیصلہ

آئی جی صاحب ویڈیوز کو وائرل ہونے سے روکا کیوں نہیں گیا؟ آپ نے جاگتا جاگتا ہوتا ہے جب ہل چکا ہوتا ہے، جسٹس لاہور ہائیکورٹ

یہ آپکی ناکامی ہے آج بھی ایکس اور ٹک ٹاک پر ویڈیوز پڑی ہیں، دو دن آپ نے کچھ نہیں کیا آپ انتظار کرتے رہے، جسٹس لاہور ہائیکورٹ



لاہور: پولیس اہلکار کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لئے ہائیکورٹ کے باہر الرٹ کھڑے ہیں

ہائیکورٹ نے ڈاکٹر عافیہ کی سزا معافی کیلئے امریکی صدر کو خط لکھ دیا

ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا معافی کے لیے خط وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر کو لکھا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا معافی کیلئے امریکی صدر کو خط لکھ دیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی امریکی جیل سے رہائی اور وطن واپسی کے کیس کی سماعت کی جس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

حکومت پاکستان نے ڈاکٹر عافیہ کی سزا معافی کیلئے امریکی صدر کو خط لکھ دیا

ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا معافی کے لیے خط وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر کو لکھا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا معافی کیلئے امریکی صدر کو خط لکھ دیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی امریکی جیل سے رہائی اور وطن واپسی کے کیس کی سماعت کی جس

یونیورسٹی آف گجرات کو ایک لاکھ روپیہ جرمانہ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

یونیورسٹی آف گجرات کو جرمانہ ہراسمنٹ کمیٹی نہ بنانے اور ہراسمنٹ کوڈ آف کنڈکٹ آویزاں نہ کرنے پر کیا گیا

لاہور (این این آئی) خاتون محتسب پنجاب نیلہ حاکم خان نے یونیورسٹی آف گجرات کو ایک لاکھ روپیہ جرمانہ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ کام کی جگہ پر ہراسانگی سے تحفظ اور خواتین کے جائیداد میں حق کے قانون 2021 کے تحت یونیورسٹی آف گجرات باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

اقوام متحدہ کی نمائندہ کا پاکستان سے مجوزہ آئینی ترامیم پر تشویش کا مطالبہ

مجوزہ آئینی بینچ، عدالتی آزادی اور شہریوں کے متضاد ردِ عمل کے لیے خطرہ ہو سکتا ہے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی نمائندہ خصوصی نے ججوں اور وکلا کی آزادی سے متعلق حکومت پاکستان پر زور دیا ہے کہ وہ مجوزہ 26ویں آئینی ترمیم پر نظرثانی کرے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 14 اکتوبر کو وفاقی حکومت کو لکھے گئے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

ساحہ ماڈل ٹاؤن کیس گواہ آئندہ سماعت پر طلب

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے ساحہ ماڈل ٹاؤن کیس میں گواہ سید افتخار حسین آئندہ سماعت پر طلب کر لیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت میں دس سال پرانے ساحہ ماڈل ٹاؤن کیس پر سماعت ہوئی، انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ارشد جاوید نے کیس پر سماعت کی۔ دوران باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

پی آئی اے کو لندن میں دو جگہ اور ملازمین کو 5 لاکھ پاؤنڈ دینے کا حکم

لندن میں ملازمین کی اپیل ایئر ٹریبونل نے پی آئی اے کے 8 سابق ملازمین لندن کی عدالت میں ہار گئی۔ عدالت نے سابق ملازمین کو پانچ لاکھ پاؤنڈ یعنی ہر کیس کے ورثہ کو دو لاکھ پاؤنڈ دینے کا حکم دیا۔ پی آئی اے نے 8 ملازمین کو دو سال قبل ملازمت سے برطرف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

آئینی ترمیم کے لیے آئین میں طریقہ کار موجود ہے، پی ٹی آئی لے آئے ہم چاہتے ہیں لیکن کھل کر نہیں بول رہے

سب کی مشاورت سے آئینی ترمیم ہوگی، کوئی مرضی مسلط نہیں کر سکتا، سعید غنی

کراچی (این این آئی) سندھ کے وزیر بلدیات سعید غنی نے کہا ہے کہ سب کی مشاورت سے آئینی ترمیم ہوگی، کوئی جماعت اپنی مرضی کی تجاویز مسلط نہیں کر سکتی۔ کراچی میں سعید غنی نے میڈیا پر اپنی رہنماؤں کے ہمراہ شہداء ساحل سے آگہی قبروں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

تعلیمی اداروں میں حاضری کی تحقیقات سے متعلق فل بنچ بنانے کا فیصلہ

آئی جی صاحب ویڈیوز کو وائرل ہونے سے روکا کیوں نہیں گیا؟ آپ نے جاگتا جاگتا ہوتا ہے جب ہل چکا ہوتا ہے، جسٹس لاہور ہائیکورٹ

یہ آپکی ناکامی ہے آج بھی ایکس اور ٹک ٹاک پر ویڈیوز پڑی ہیں، دو دن آپ نے کچھ نہیں کیا آپ انتظار کرتے رہے، جسٹس

لاہور: پولیس اہلکار کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لئے ہائیکورٹ کے باہر الرٹ کھڑے ہیں

ہوا کے 3 کے 12 لاکھ پاکستانی نوجوانوں کو آئی ٹی کی مہارتوں کی تربیت دینے کا منصوبہ

پرتبتی پروگرام نوجوانوں کو بہتر روزگار کے مواقع فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوگا

لاہور (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے ہوا کے 3 لاکھ نوجوان پاکستانیوں کو جدید باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

پی ٹی آئی کے احتجاج کی کال، راولپنڈی میں پولیس کا فلیگ مارچ

فلیگ مارچ میں پولیس، ایلیٹ فورس، ڈولفن فورس اور ٹریفک پولیس کی شرکت

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں پی ٹی آئی کے احتجاج کی کال کے بعد پولیس نے شہر بھر میں فلیگ مارچ کیا ہے۔ فلیگ مارچ کی قیادت ایس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

سیلز ٹیکس رجسٹریشن، بائیومیٹرک کے مسائل حل کیے جائیں لاہور ٹیکس بار

انکم ٹیکس ریٹرن 2024، ایس ایم ایز کے مسائل کے حوالے سے سیمینار

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے سیلز ٹیکس رجسٹریشن اور بائیومیٹرک کے مسائل حل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیکس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



لاہور: وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی سے ملحقہ 9 ہسپتالوں کے ایمرجنسی کی مسدارت کرتے ہوئے۔

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ کے زیر تربیت افسران نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ کیا، وفد میں 41 ویں مذکیر کورس مینجمنٹ کورس کے افسران اور فنکشنل ممبران شامل تھے، تفصیلات کے مطابق آپریشن کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کے دورے کے دوران وفد کو ادارے کی ورکنگ بارے بریفنگ دی گئی۔ آپریشن کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کے ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد شفیق احمد نے وفد کو بتایا کہ خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے قائم کردہ پبلک سیفٹی یونٹ کار آمد ثابت ہو رہا ہے۔ پنجاب بھر میں سمارٹ سیف سٹی پراجیکٹس لگائے جا رہے ہیں۔ وفد کے شرکاء نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خواتین اور

محکمہ بلدیات کے زیر اہتمام صوبائی وزیر تربیت افسران کا دورہ

آپریشن کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کا دورہ، ڈی جی پی ایم ڈی اے نے وفد کو ادارے کی ورکنگ بارے بریفنگ دی

لاہور (خبر نگار) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ کے زیر تربیت افسران نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ کیا۔ وفد میں 41 ویں مذکیر کورس مینجمنٹ کورس کے افسران اور فنکشنل ممبران شامل تھے۔ تفصیلات کے مطابق آپریشن کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کے دورے کے دوران وفد کو ادارے کی ورکنگ بارے بریفنگ دی گئی۔ وفد کو آپریشن کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کے ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد شفیق احمد نے ادارے کی ورکنگ بارے بریفنگ دی۔ زیر تربیت افسران کو ورچوئل سفر پر چائنہ سیٹی اور ویسٹن پولیس سٹیشن سمیت مختلف شعبہ جات کا دورہ کروایا گیا۔ وفد نے 15 ہیلپ لائن سنٹر کے جدید ٹیکنالوجی اور آپریٹنگ ایڈ ٹریننگ سنٹر کے بارے بھی آگاہی حاصل کی۔ ڈی جی پی ایم ڈی اے ڈاکٹر محمد شفیق احمد نے وفد کو بتایا کہ خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے قائم کردہ پبلک سیفٹی یونٹ کار آمد ثابت ہو رہا ہے۔ پنجاب بھر میں سمارٹ سیف سٹی پراجیکٹس لگائے جا رہے ہیں۔ وفد کے شرکاء نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خواتین اور بچوں کے تحفظ کے حوالے سے یہ ادارہ قابل تعریف کام کر رہا ہے۔

محکمہ بلدیات کے زیر اہتمام پنجاب پروگرام کے حوالے سے ٹیکنیکل ٹریننگ کا انعقاد

100 سے زائد کنٹریکٹرز اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے نمائندگان نے شرکت کی



لاہور (خبر نگار) محکمہ بلدیات کے تحت شہری پنجاب پروگرام کے سلسلے میں پنجاب انفارمیشن ایڈ ٹیکنالوجی بورڈ میں ایک ٹیکنیکل ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں 100 سے زائد کنٹریکٹرز اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ ٹریننگ میں مینجیر ایم آئی ایس لوکل گورنمنٹ شاراحمد، پروگرام مینجیر پی آئی پی ای مریم زیب، اور سینئر مینجر انڈسٹریل ایل ڈیولپمنٹ سی عثمان ڈار نے شرکاء کو سمارٹ پنجاب پروگرام کے ڈیش بورڈ اور موبائل ایپ کے استعمال کی تربیت دی۔ شاراحمد نے بتایا کہ اس پروگرام کی مانیٹرنگ کے لیے ایک سنٹرلائزڈ ڈیش بورڈ بنایا گیا ہے جس پر صفائی ستھرائی کے آپریشن کی تفصیلات لائیو اپ ڈیٹ ہوں گی۔ مریم زیب نے شرکاء کو ڈیش بورڈ پر ڈیٹا اپ لوڈنگ کے طریقہ کار پر آگاہی دی، اور بتی آئی اس پر مبنی لائیو میپنگ کے ذریعے کنٹینرز اور گاڑیوں کے روٹس کی نگرانی کے فوائد بیان کیے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ تمام کنٹینرز کی براہ راست نگرانی ممکن ہوگی اور کلیکشن کی اصل وقت میں معلومات حاصل کی جا سکیں گی۔ ٹریننگ کے اختتام پر شرکاء سے سٹمی ٹیسٹنگ کے حوالے سے تجاویز اور آرا بھی لیں۔

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز کی سربراہی میں یونیورسٹی سے ملحقہ 9 ہسپتالوں کے ایم ایسز کا اجلاس۔

اجلاس کا مقصد ٹیچنگ، ٹریننگ، سروس ڈیلیوری اور مریضوں کی نگہداشت کو مزید بہتر بنانا تھا

اجلاس میں پروفیسر فیصل مسعود، ڈاکٹر سعید احمد، پروفیسر ناصر چوہدری، ڈاکٹر محمد ریاض، کاشف شہزاد ورک، ڈاکٹر محمد اختر، ڈاکٹر قطمی احمد کی شرکت

لاہور (خبر نگار) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز کی سربراہی میں یونیورسٹی سے ملحقہ 9 ہسپتالوں کے ایم ایسز کا اجلاس ہوا۔ اجلاس کا مقصد ٹیچنگ، ٹریننگ، سروس ڈیلیوری اور مریضوں کی نگہداشت کو مزید بہتر بنانا تھا۔ اجلاس میں چیف آپریٹنگ آفیسر میو ہسپتال پروفیسر فیصل مسعود، ایم ایس لیڈی ولنگڈن ہسپتال ڈاکٹر سعید احمد، ایم ایس لیڈی ایچسن میڈیکل یونیورسٹی میں وائس چانسلر پروفیسر ناصر چوہدری، ایم ایس کوٹ خواجہ سعید ہسپتال ڈاکٹر عدنان القمر، ایم ایس گورنمنٹ نواز شریف میڈیکل کمپلیکس ڈاکٹر محمد ریاض، ایم ایس میو ہسپتال ڈاکٹر عاطف شہزاد ورک، ایم ایس میاں منشی ہسپتال ڈاکٹر محمد اختر، ایم ایس پولیس سرجن ہسپتال ڈاکٹر قطمی احمد نے شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز کا کہنا تھا کہ کنگ ایڈورڈ سے ملحقہ 9 ہسپتال تقریباً ہر شعبہ کی 37 فیصد آبادی کو صحت کی سہولیات فراہم کر رہے ہیں ہمارا مقصد ہے اندرون لاہور کی آبادی کو صحت کی سہولیات میسر بہتر فراہم کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ بہتر ڈیجیٹک کے دوران علاج معالجے میں کسی بھی طرح کی کمی نہیں آنی چاہیے۔ اجلاس میں میو ہسپتال، لیڈی ولنگڈن، لیڈی ایچسن کوٹ خواجہ سید میڈیکل، میاں منشی ہسپتال کی ری ویمپنگ کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں طے کیا گیا کہ ری ویمپنگ کے کام کو تیز کیا جائے تاکہ بروقت تکمیل کے بعد آنے والے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکس سٹاف کی کمی کو پورا کیا جائے گا جس کے تحت پوسٹ گریجویٹ ڈاکٹرز کی تعیناتی، ریڈیالوجی، انستھیزیا اور دیگر شعبوں میں خالی اسامیوں کو پر کیا جائے گا۔ اجلاس میں کوٹ خواجہ سعید اور نواز شریف ہی گیٹ میں پیچ ورک اور ری ویمپنگ کے کام کو تیز کیا جائے تاکہ بروقت تکمیل کا جائزہ لیا گیا۔ مزید برآں وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز نے ایم ایس میو ہسپتال پروفیسر فیصل مسعود اور پروفیسر ابرار اشرف کے ہمراہ میو ہسپتال ٹی بی وارڈ کی ری ویمپنگ کا جائزہ لیا اور ہدایات جاری کیں۔

محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کے زیر اہتمام دربار حضرت موج دریا بخاری کا 462 ویں سالانہ عرس مبارک کی سہ روزہ تقریبات کا آغاز

طلبا کو اسکول بسوں میں اسکول آنا چاہیے، اس سے ٹریفک کنٹرول ہوگا بھرپور جوڈیشل کمیشن

لاہور (سٹیشن رپورٹر) محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کے زیر اہتمام دربار حضرت موج دریا بخاری کا 462 ویں سالانہ عرس مبارک کی سہ روزہ تقریبات کا آغاز مورخہ 20،21 اور 22 اکتوبر 2024ء بروز اتوار، سوموار اور منگل ہو رہا ہے۔ عرس کا آغاز مورخہ 20 اکتوبر 2024ء بروز اتوار وقت 00:02 بجے (دوپہر) سیکرٹری چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف و ڈائریکٹر طاہر رضا بخاری رسم چادر پوشی سے کریں گے۔ اس موقع پر خالد مسعود حنفی ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور اوقاف پنجاب، کمہران امور ڈویژنل کمیٹی اور چیئرمین، زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف (ویسٹ) لاہور، شیر اوقاف سرکل نمبر 2 کے علاوہ علاقہ معززین علاقہ اور زائرین کی کثیر تعداد شرکت کریں گی۔ محکمہ اوقاف پنجاب نے زائرین کی سہولت اور دربار شریف پر آنے والے معزز مہمانوں کیلئے سیکیورٹی انتظار اور چراغاں کے خصوصی انتظامات کیے ہیں۔

آلودگی و اسموگ کیس، فصلوں کی باقیات جلانے والوں کی گرفتاری کا حکم

عدالت میں اسموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کے لیے ایک اور حل پیش کرتے ہوئے کہا کہ طلبا کو اسکول بسوں میں اسکول آنا چاہیے، اس سے ٹریفک کنٹرول ہوگا، جسٹس شاہد کریم کے جوڈیشل کمیشن کے ممبر نے ریمارکس دیئے کہ اسکول کے بچوں کو کنٹہ جان بنائیں۔ جوڈیشل کمیشن کے ممبر نے عدالت کو بتایا کہ 2 انڈسٹریل یونٹس کو دھواں چھوڑنے پر سمار کر دیا گیا ہے۔ جسٹس شاہد کریم نے تجویز دی کہ اسموگ سے متعلق سوشل میڈیا پر مہم چلائیں۔

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے شیخوپورہ میں فصلوں کی باقیات کو جلانے والوں کے خلاف کارروائی کرکے انہیں گرفتار کرنے کا حکم دے دیا۔ ایڈیشنل آئی جی آپریشنز اور ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کے لیے ڈائریکٹر جنرل ماحولیات کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کسان کو کوئی نوٹس نہ دیا جائے، ہم کسان کے ساتھ ہیں، ہمارا مقصد ہے کہ کسان کو کوئی مسئلہ نہ ہو

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 19 اکتوبر 2024ء

ملاوٹی مصالحہ جات بنانے والی کمپنی سفارش طاقتور مافیا

فیکٹریاں کارخانے مضر صحت فوڈ پوائنٹ سڑک کنارے

مزبح خانے فوڈ اتھارٹی افسران ناکام اعلیٰ حکام سے نوٹس کا مطالبہ

ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشن کی گرفت کمزور ماتحت عملہ کی موج کچھ دو کچھ لو کی پالیسیوں پر عملدرآمد شہر بھر میں ملاوٹ مافیا کا راج عوام مختلف موذی امراض میں مبتلا

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ہلدی پتی مرچ و دیگر ملاوٹی مصالحہ جات کی فروخت شہر بھر میں گودام فیکٹریاں کارخانے قائم فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مقدمہ درج نہ گودام فیکٹری سیل نہ ہی مالک کی گرفتاری کا کوئی عمل صرف جرمانوں کی حد تک محدود اعلیٰ حکام سے نوٹس کا مطالبہ (تفصیلات کے مطابق) گزشتہ چند روز قبل فوڈ اتھارٹی کی جانب سے ملاوٹ مافیا کے خلاف آپریشن کے دوران غلام محمد آباد نمبر 2 میں آپریشن کے دوران ایک فیکٹری سے تقریباً دو سو پچہتر 275 کلو چوکر ملاوٹ شدہ چائ※ پتی برآمد علاوہ ازیں صابری فوڈ غلا منڈی میں ایک ہزار 1000 کلو ملاوٹی ہلدی کی بوریاں برآمد ہونے کے بعد سمپل لیبارٹری ٹیسٹ رپورٹ سے ثابت ہوا کہ ہلدی مضر صحت ملاوٹ شدہ ہے جس کے نتیجہ میں گودام و دکان سیل ہوئی نہ مقدمہ درج نہ ہی مالک گرفتار ہوا صرف پچاس ہزار 50000 روپے جرمانہ کیا گیا ڈی ڈی او ڈاکٹر قاسم نے اس بات کی نہ صرف اعتراف کیا بلکہ وضاحت کرتے ضو※ بتایا کہ تمام ترسور تحال میرے نوٹس میں ہے اور محکمہ کی طرف سے استغاثہ تھانہ فیکٹری ایریا میں اور تھانہ سرگودھا روڈ کو بھجوا دیا گیا مقدمہ درج کرنا پولیس کا کام ہے مزید یہ کہ جگہ جگہ سڑک کنارے قائم مزبح خانوں کے سوال پر ڈی ڈی او ڈاکٹر قاسم نے بتایا کہ ایک ماہ میں 19 مقدمات درج کروائے جا چکے ہیں ادارہ روزنامہ قوت کی انویسٹیلیشن رپورٹ کے مطابق صورت حال اس کے برعکس ہے جن ملاوٹ مافیا کے پاس بگڑی سفارش نہیں ان پر نہ صرف بھاری جرمانہ بلکہ ایف آئی آر کیساتھ ساتھ گرفتاری بھی عمل میں لائی جاتی ہے ملاوٹ مافیا کا کہنا ہے طاقت ور ملاوٹ مافیا کیخلاف ہونے والی کارروائی باوجود اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔ میں فوڈ اتھارٹی افسران کا دوہرہ میعار کیوں؟ کمزور ملاوٹ مافیا پر درجنوں ایف آئی آر درج کی جا رہی ہیں اور شہر بھر میں مختلف مقامات پر بگڑے طاقت ور ملاوٹ مافیا کے ساتھ کچھ لو کچھ دو کی پالیسیوں پر عمل درآمد کرتے ہوئے گودام فیکٹریاں سیل ہونے کے

شرباہمہ نگائی کا شکار عام پاکستانی مشکلات میں ہیں، محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ



سیالکوٹ میں ایل۔ پی۔ جی ریفلنگ دوکانیں تباہی کا پیش خیمہ

علی باجوہ سینکڑوں غیر قانونی پیٹرول ڈسپنسرز پر سرفہرست

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سیالکوٹ و مضافات میں غیر قانونی سمگل شدہ پیٹرول کی انتظامیہ کی ناک کے نیچے سرعام فروخت جاری۔ علی باجوہ نامی بااثر شخص سول ڈیفنس عملی کی سہولت کاری سے اکیلا سرعام سینکڑوں پیٹرول ڈسپنسرز دوکانوں کا مالک۔ میرا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا روزنامہ قوت ڈسٹرکٹ بیورو کو سنگین نتائج کی دھمکیاں۔ واضع رہے کہ دوکانوں ،کثیر المنزلہ مارکیٹ کے گراؤنڈ فلورز اور گنجان آباد محلوں کے درمیان بڑے پیمانے پر آتشگیر مادوں پیٹرول ، ایل۔ پی۔ جی گیس کی ریفلنگ کے دوران ایک 3 اچانک لگنے والی آگ اور حادثات کے دوران شیر خوار بچی کے باپ کی ہلاکت اور متعدد دوکاندار و شہری جھلس کر زخمی ہو چکے ہیں جبکہ اکا دکا مقدمہ کے بعد دوبارہ سول ڈیفنس اسپیکلنگ آفیسر و فیلڈ عملہ کی مبینہ سہولت کاری سے مکروہ دھندے میں ملوث ایک جگہ سے یہ ریفلنگ دوکانیں کسی دوسری مارکیٹ میں شفٹ ہو جاتی ہیں۔ جیسے ایل۔ پی۔ جی فلنگ اسٹیشن وگھمن فلنگ اسٹیشنز وغیرہ میں سابق اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ سونیا صدف کی تعیناتی کے دوران 3 سے 4 گھنٹے بعد ریسکیو سروسز 1122 نے آگ پر قابو پایا تھا اور کولنگ کے عمل کے بعد نوجوان دوکاندار کی مسخ شدہ لاش باقی ماندہ سلنڈرز کے درمیان پھنسی ہوئی برآمد ہوئی تھی۔ ان غیر قانونی ریفلنگ دوکانوں بابت شہریوں اور ہمسایہ دوکانداروں ومحلہ کا کہنا ہے کہ سول ڈیفنس سیالکوٹ آفس عملہ ہر 15 دن اور 1 ماہ بعد آتا ہے اور چلا جاتا ہے جس کی وجہ سے اگوکی، ماڈل ٹاؤن، رحیم پور، ڈوگرانوالہ، ویرم، ویرم کالونی، جلیانوالہ و تین مرلہ سکیم موماں خورد روڈ، موماں کلاں گاؤں، ملک شاہ ولی مزار کے اطراف و مضافاتی علاقوں میں زکریا رحمانی کی زیر سرپرستی ایل۔ پی۔ جی اور پیٹرول ڈسپنسرو کھلے پیٹرول کا خطرناک دھندہ جاری ہے۔

حضرت باباجی عبدالحمید سرکار (المعروف) باباجی بہارشاہ سرکار کا سالانہ عرس مبارک

دل کو صاف کرنے کا طریقہ باباجی بہارشاہ سرکار جیسا کوئی قابل اور چوٹی کا ولی ہی بتا سکتا ہے، حضرت علامہ مولانا شوکت



شکرگڑھ (نامہ نگار) نور کوٹ حیات کالونی میں حضرت باباجی عبدالحمید سرکار (المعروف) باباجی بہارشاہ سرکار کا سالانہ عرس مبارک زیر سرپرستی صاحبزادہ فضل شاہ آستانہ عالیہ باباجی بہارشاہ سرکار انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا۔ اس کے بعد محفل حمد ونعت منعقد کی گئی محفل کی صدارت سید محمد شفاق شاہ نے کی محفل کا آغاز تلاوت کلام پاک سے حافظ محمد اسد نعمان نے کیا۔ بدیہ عقیدت حافظ محمد شوکت حافظ محمد اسد نعمان نے پیش کیا محفل سے خطاب کرتے ہوئے حضرت علامہ مولانا شوکت صاحب نے قرآن پاک کی آیت کے حوالے سے کہا کہ جو اللہ کی راہ میں اپنے آپ کو قربان کرتے ہیں اپنی جان کے نظرانے پیش کرتے ہیں انہیں مردہ نا کہو وہ زندہ ہیں اور تمہیں ان کی زندگی کا شعور نہیں اگر ایک عام انسان جو شہید ہو چکا ہو اس کی زندگی کا شعور کوئی نہیں رکھ سکتا تو پھر ولیوں اور شہید کربلا کی زندگی ان کی سمجھ سے باہر ہے اور جو شہید کربلا کو نا سمجھ سکا وہ نبیوں کو کیا سمجھے گا اور نبیوں کے سردار کو کیا سمجھے گا شعور والا وہ ہوتا ہے جس نے اللہ کے ولیوں سے تعلیم حاصل کی ہو ان کی صحبت اختیار کی ہو اپنا اندر صاف کیا ہو اللہ کی وحدانیت اور احکامات کو جانا ہو اللہ کے محبوب ﷺ اور اس کے پیاروں سے محبت کی ہو شعور حاصل کرنے کے لیے سب سے ضروری ہے کہ پہلے اپنے دل کو صاف کیا جائے جب تک کوئی انسان اپنے دل کو صاف نہیں کرے گا تب تک وہ شعور حاصل نہیں کر سکتا اور دل کو صاف کرنے کا طریقہ باباجی بہارشاہ سرکار جیسا کوئی قابل اور چوٹی کا ولی ہی بتا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ ہر گندے برتنوں، چیز کو صاف کرنے کا کوئی نہ کوئی آلہ یا طریقہ ہوتا ہے مردہ دلوں کو صاف کرنے کا صرف ایک ہی طریقہ ہے وہ ہے اللہ تعالیٰ کا ذکر، اللہ کا ذکر دل اور گناہوں کو ایسے صاف کرتا ہے جیسے بچہ ابھی ابھی اس دنیا میں آیا ہو اور ہر طرح کے گناہوں سے پاک ہو۔ اس کے بعد علامہ شوکت صاحب نے اپنے خطاب میں کہا کہ حضور غوث اعظم کی اولاد پاک ہونے کے ساتھ ساتھ باباجی بہارشاہ سرکار عملی مجاہد و ولی اللہ تھے جنکی زندگی کا ہر لمحہ اطاعت خداوندی سے عبارت اور استقامت فی الدین سے عبارت تھا ہمیں زبانی نہیں بلکہ عملی طور پر ان اولیاء کی تعلیمات اپنانے کی ضرورت ہے جبکہ کچھ ناہنجار اس زمانہ میں اولیاء کاملین کے منکر ہو کر جہنم خرید رہے ہیں حال آنکہ اللہ کریم نے ان اولیا کو روحانی قوتوں سے نواز رکھا ہے کہ اپنے اشاروں سے نظام کائنات بدلنے کی طاقت رکھتے ہیں خطاب کے بعد درود وسلام پیش کیا گیا علامہ شوکت صاحب نے دعا خیر کرائی بعد ازاں حاضرین میں لنگر تقسیم کیا گیا۔

مانگٹ نیچا میں آوارہ کتوں کی بہتات نے دیہاتیوں کو پریشان کر کے رکھ دیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) مانگٹ نیچا میں آوارہ کتوں کی بہتات نے دیہاتیوں کو پریشان کر کے رکھ دیا۔ اسوقت پورے گاؤں میں آوارہ کتے ہمہ وقت شاہراؤں پر سرعام گھومتے پھرتے نظر آتے ہیں جبکہ یہ کتے اب تک کئی دیہاتیوں اور بچوں کو کاٹ بھی چکے ہیں لیکن ان آوارہ کتوں کو تلف کرنے پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ہے۔ دیہاتیوں نے ضلعی انتظامیہ کے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ مانگٹ نیچا سے آوارہ کتوں کو مارنے کی مہم چلا کر انہیں پریشانی سے بچایا جائے۔

اسنیکس یونٹس کی معائنہ مہم بھرپور طریقے سے جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کی ہدایت پر اسنیکس یونٹس کی معائنہ مہم بھرپور طریقے سے جاری تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز عمار جاوید کے ہمراہ رات گئے قمر ٹاؤن میں واقع 1 اسنیکس یونٹ پر چھاپا مارا۔ دوران معائنہ یونٹ سے 175 لیٹر زنون ٹریسیبل اور مضر صحت زنڈ آئل برآمد کر لیا جو کہ نمکو اور پاپڑ کی فرائنگ میں استعمال ہونا تھا۔ موقع پر 175 لیٹرز مضر صحت آئل ضائع کروا کر مالک کو 35000 کا جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ علاوہ ازیں سرگودھا روڈ پر واقع 1 اور اسنیکس یونٹ کو نون ٹریسیبل آئل کے استعمال، صفائی کے ناقص انتظامات اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی عدم موجودگی اور 25000 جرمانہ عائد کیا گیا اور 80 لیٹرز نون ٹریسیبل آئل موقع پر ضائع کروا دیا گیا۔ جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ اتھارٹی عمار جاوید کا کہنا ہے کہ محفوظ خوراک کی فراہمی کے لیے بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

میونسپل کارپوریشن نے شہر کی مختلف مارکیٹوں میں کرایہ نادہندگان سے بقایا جات کی ریکوری تیز کر دی

اہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سیدکی ہدایت پر میونسپل کارپوریشن نے شہر کی مختلف مارکیٹوں میں کرایہ نادہندگان سے بقایا جات کی ریکوری تیز کر دی ہے اور یکم جولائی سے اب تک 3 کروڑ 59 لاکھ 56 ہزار روپے سے زائد کرایہ وصول کر لیا ہے۔ یہ کرایہ جناح شاپنگ مال بائی سٹریٹ، گلستان مارکیٹ، چرچ روڈ مارکیٹ، ریلوے روڈ مارکیٹ، ہائی سٹریٹ پر بوائز اور گرلز سکولز سے متصل مارکیٹ، جھال روڈ مارکیٹ اور نیازی برج گوداموں سے وصول کیا گیا جبکہ مزدور پلی مارکیٹ اور سرکی روڈ مارکیٹ سے بالترتیب 10 لاکھ 59 ہزار اور 13 لاکھ 20 ہزار روپے مکمل کرایہ وصول کر لیا گیا ہے۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے کرایوں کی وصولی کو خوش آئند قرار دیا اور متعلقہ برانچ کو ہدایت کی ہے کہ باقی کرائے کی وصولی بھی تیزی کی جائے جس کے لئے اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال کی سربراہی میں ریونیو سٹاف کی بھی مدد لی جائے۔

ٹریفک حادثہ کے دو مختلف واقعات میں ایک نوجوان سمیت 60 سالہ خاتون جاں بحق

مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) ٹریفک حادثہ کے دو مختلف واقعات میں ایک نوجوان سمیت 60 سالہ خاتون جانبحق ہوگئی محلہ باغبانچی کا رہائشی 35 سالہ نوجوان الیاس علی پک اپ وین میں سامان لے کر لاہور سے قصور آرہا تھا کہ ٹول پلازہ کے قریب کٹ سے ٹرن لیتے ہوئے لوڈر ٹرالہ پک اپ سے ٹکرا گیا، جس کے نتیجہ میں الیاس علی موقع پر جان کی بازی ہار گیا، علاوہ ازیں وڈانہ کے قریب سڑک عبور کرتے ہوئے 60 سالہ نامعلوم خاتون قصور سے لاہور آنے والی تیز رفتار کار کی زد میں آکر شدید زخمی ہوگئی، جسے 1122 کی ٹیم نے فوری طبے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال منتقل کیا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکی۔

شہر باہمہ نگائی کا شکار عام پاکستانی مشکلات میں ہیں، محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ملک میں جاری بحرانوں کیوجہ سے عام پاکستانی انتہائی کسمپرسی میں جی رہا ہے وہ بجلی گیس کے پیچیدہ سے باہر بل ہوں یا پھر مہنگا پیٹرول ڈیزل اور خوردنی تیل و روزمرہ کی اشیاء خورد ونوش الغرض ہر شے عام پاکستانی کی پہنچ سے نکل چکی ہے۔ ان باتوں کا اظہار فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے سیالکوٹ پریس کلب کے سفیر نما سنگان کے ایک وفد سے ملاقات کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہوشربا مہنگائی سے ہر کوئی پریشان ہے وہ صنعتکار ہو یا آجر وہ دوکاندار ہو یا مندی کا آڑھتی یا پھر عام تاجر مہنگائی نے ہر ایک پر اثرات چھوڑے ہیں۔ مقابلے کی فضا میں رہتے ہوئے ایکسپورٹرز بھی بین الاقوامی منڈیوں میں اپنی پراڈکٹس فروخت کرنے کیلئے پاپڑ بیل رہے ہیں حکمرانوں سے اس بارے میں عوام استفسار کریں تو وہ سارا ملبہ اپنے سے پچھلی حکومت پر ڈال دیتے ہیں جو کسی طور قابل قبول نہیں۔

شیخوپورہ: یونیورسٹی آف لاہور: کمبوجا یوتھ "کیریئر کاؤنسلنگ اور آؤٹ ریچ سیمینار"

چوہدری ابرار الحق، (ڈائریکٹر یونیورسٹی آف لاہور)، ڈاکٹر ربیعہ روف جوئن کمبوجا (سرپرست اعلیٰ خواتین کمبوجا قبائل مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان اور ڈین یونیورسٹی آف لاہور) و دیگر کی شرکت



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) کمبوجا یوتھ "کیریئر کاؤنسلنگ اور آؤٹ ریچ سیمینار" یونیورسٹی آف لاہور کے حوالے سے مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان نے منعقد کروایا، سیمینار میں چوہدری تنویر احمد ڈھوٹ کمبوجا (صدر مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان)، چوہدری ابرار الحق، (ڈائریکٹر یونیورسٹی آف لاہور)، ڈاکٹر ربیعہ روف جوئن کمبوجا (سرپرست اعلیٰ خواتین کمبوجا قبائل مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان اور یونیورسٹی آف لاہور)، ڈاکٹر نوید (ایچ او ڈی لاہور بزنس سکول یونیورسٹی آف لاہور) اور انکی پی ایچ ڈی ڈاکٹرز کی پوری ٹیم سمیت چوہدری لیاقت علی جتھل کمبوہ (سیکرٹری جنرل مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان)، چوہدری کبیر احمد جتھل کمبوہ (نائب صدر مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان اور صدر اچھرہ بازار لاہور)، چوہدری شاہ رخ ڈھوٹ کمبوجا (صدر یوتھ ونگ مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان)، چوہدری گوہر علی تھند کمبوہ (صدر فیروز والا مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان)، ڈاکٹر اوسید ربی (لاہور بزنس سکول یونیورسٹی آف لاہور)، ڈاکٹر محمود رحمانی (لاہور بزنس سکول یونیورسٹی آف لاہور)، محمد می اللہ خان (لاہور بزنس سکول یونیورسٹی آف لاہور)، ڈی ایس پی چوہدری بارون یوسف چشتیاں، ایس ایچ او چوہدری مطلوب کمبوہ فورٹ عباس و دیگر اکابرین نے شرکت کی اور سینئر لیڈر شپ کمبوہ قوم مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان کے باتیں نہیں صرف علمی کام کے سلوگن اور کام کی نہایت تعریف کی ایس دختر مرحوم چوہدری ایم اے روف جوئن کمبوجا سرپرست اعلیٰ کمبوجا قبائل مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان اور یونیورسٹی آف لاہور)، ڈاکٹر نوید (ایچ او ڈی لاہور بزنس سکول یونیورسٹی آف لاہور) اور انکی پی ایچ ڈی ڈاکٹرز کی پوری ٹیم سمیت چوہدری لیاقت علی جتھل کمبوہ (سیکرٹری جنرل مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان)، چوہدری کبیر احمد جتھل کمبوہ (نائب صدر مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان اور صدر اچھرہ بازار لاہور)، چوہدری شاہ رخ ڈھوٹ کمبوجا (صدر یوتھ ونگ مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان)، چوہدری گوہر علی تھند کمبوہ (صدر فیروز والا مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان)، ڈاکٹر اوسید ربی (لاہور بزنس سکول یونیورسٹی آف لاہور)، ڈاکٹر محمود رحمانی (لاہور بزنس سکول یونیورسٹی آف لاہور)، محمد می اللہ خان (لاہور بزنس سکول یونیورسٹی آف لاہور)، ڈی ایس پی چوہدری بارون یوسف چشتیاں، ایس ایچ او چوہدری مطلوب کمبوہ فورٹ عباس و دیگر اکابرین نے شرکت کی اور سینئر لیڈر شپ کمبوہ قوم مرکزی انجمن کمبوجاں پاکستان کے باتیں نہیں صرف علمی کام کے سلوگن اور کام کی نہایت تعریف کی

سیوریج لائن/نالوں کا کام تیزی سے جاری ہے، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

میونسپل کمیٹی ڈسکہ کے زیر نگرانی ترقیاتی منصوبوں مقررہ ٹائم لائن کے اندر مکمل کرنے کیلئے ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی ڈسکہ باقاعدگی سے منصوبوں کی مانیٹرنگ کرے گی



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین نے کہا ہے کہ ڈسکہ میں سیوریج کے دیرینہ مسئلہ کے حل کیلئے 1 ارب روپے کی لاگت سے سیوریج لائن اور نالوں کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور رفتار پر ہرگز سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، میونسپل کمیٹی ڈسکہ کے زیر نگرانی ترقیاتی منصوبوں مقررہ ٹائم لائن کے اندر مکمل کرنے کیلئے ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی ڈسکہ باقاعدگی سے منصوبوں کی مانیٹرنگ کرے گی جبکہ انجینئرنگ ونگ کی ذمہ داری ہے کہ وہ ڈیزائن کے مطابق منصوبوں کی تعمیر کو یقینی بنائیں اور اس میں استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار کا خاص خیال رکھیں تاکہ یہ منصوبے دیرپا ثابت ہوں اور عوام الناس ان سے بھرپور استفادہ حاصل کر سکیں، یہ بات انہوں نے آج ڈسکہ سٹی میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے دوران کہی۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ ماہم مشتاق بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ نے بتایا کہ ڈسکہ شہر میں کئی ایک میگا ڈویلپمنٹ پراجیکٹ پر تیزی سے کام جاری ہے، جس میں مواصلات اور سیوریج کے علاوہ گرین تفریحی پارک کی تعمیر، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کو جدید مشینری، واٹر سپلائی اور اسٹریٹ لائٹس کی سپلائی کی فراہمی ترقیاتی منصوبوں کا حصہ ہیں۔ 8 کروڑ 18 لاکھ 10 ہزار روپے کی لاگت سے سمبڑیال روڈ پر 15 سوفٹ طویل سیوریج لائن کی بحالی، میونسپل کمیٹی ڈسکہ کے ڈسپوزل ایشن پر تمام پمپنگ یونٹس کی تبدیلی اور پاور فیکٹر کی تنصیب، 126 ایل این ڈی لائٹس کی تنصیب، سالڈ ویسٹ کی مشینری کی مرمت اور مین ہول کور کی اسٹوریج شامل ہے۔ ڈسکہ شہر سے بارشی پانی کے فوری نکاس کیلئے سٹی کے زون ون اور ٹو میں ڈرینج سسٹم میگا پراجیکٹ پر 40 فیصد سے زائد سول ورک مکمل کر لیا گیا اس منصوبے کو گرین فیکٹری یونٹی فلو کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کیا گیا ہے نکاسی آب کیلئے الیکٹریکل یا مکینیکل آپریشن کی کاسٹ کی بچت ہوگی۔ جبکہ پرانے سیٹی یشن کے نظام کی اپ گریڈیشن اور صفائی بھی اس منصوبے کا حصہ ہے۔ اس منصوبے کی تکمیل پر مجموعی طور پر 77 کروڑ 24 لاکھ روپے خرچ ہونگے۔ 142 اسٹریٹ لائٹس پولز، 298 اسٹریٹ لائٹس، بمعہ چارڑانسفرز اور 31 ہزار فٹ کیبل کی تنصیب کے منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے رواں ماہ کے اختر تک 15 کروڑ 77 لاکھ روپے کی لاگت سے ڈسکہ میں اسٹریٹس لائٹس فنکشنل ہو جائیں گی۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے دیہی مرکز صحت جامکے چیمہ اور بنیادی مرکز صحت آدم کے چیمہ کا دورہ کیا اور سٹاف کی حاضری چیک کی اور علاج کی غرض سے آئے ہوئے مریضوں اور ان کے لواحقین سے ہسپتال میں ملنے والی طبی سہولیات، مفت ادویات کی سہولیات کی بابت دریافت کیا اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کی فارمیسی، ایمرجنسی اور وارڈز کا بھی معائنہ کیا۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کاغذی کاروائیوں نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کو خاک میں ملا دیا

فوڈ اتھارٹی کی ٹیمیں شہر میں کاروائی کی بجائے دائیں بائیں فرضی کاروائیاں کر کے شہریوں کی آنکھوں میں خاک دھولنے لگیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کاغذی کاروائیوں نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کو خاک میں ملا دیا۔ شہر بھر میں ناقص اور مضر صحت دودھ دہی کی فروخت عروج پر پہنچ گئی، فوڈ اتھارٹی کی ٹیمیں شہر میں کاروائی کی بجائے دائیں بائیں فرضی کاروائیاں کر کے شہریوں کی آنکھوں خاک دھولنے لگیں۔ جبکہ شہری شہر بھر میں ناقص مضر صحت اور غیر معیاری دودھ کی سرعام فروخت سے مختلف موذی امراض میں مبتلا ہونے لگے۔ اسوقت علی پور روڈ، نزد نواب کالونی، شاہراہ فاروق اعظم روڈ، جڑانوالہ روڈ، ماجہ چوک، کھوکی روڈ اور جلالپور روڈ کے علاوہ تمام گلی محلوں میں ناقص اور مضر صحت دودھ اور دہی کی سرعام فروخت کی جا رہی ہے لیکن فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے اس ضمن میں چپ سادھ رکھی ہے۔ متعدد حلقوں نے الزام عائد کیا کہ فوڈ اتھارٹی کے کارندے شہر بھر سے دودھ کے کاروباروں، گوالوں اور دیگر مالکان سے اپنی منتھلی باقاعدگی سے وصول کرنے کی وجہ سے یہاں پر کاروائی کرنے سے گریزاں ہیں جس سے شہریوں میں غم وغصہ کی لہر سرایت کرتی چلی جا رہی ہے۔

ڈی پی او اوکاڑہ نے شہری سے رشوت لینے پر تھانہ سٹی رینالہ خورد نائب محرر کو معطل کر کے کلوز پولیس لائن کر دیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ نے شہری سے رشوت لینے پر تھانہ سٹی رینالہ خورد نائب محرر کو معطل کر کے کلوز پولیس لائن کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی رینالہ خورد کے نائب محرر سہیل نے شہری سے رشوت لی تھی جس پر ڈی پی او محمد راشد ہدایت نے سخت ایکشن لیتے ہوئے نائب محرر سہیل کو فوری طور پر معطل کر کے کلوز پولیس لائن کر کے ڈی ایس پی لیگل کو انکوائری آفیسر مقرر کر دیا ہے۔ ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے کہا ہے کہ محکمہ میں کرپشن اور اختیارات سے تجاوز کرنے والے پولیس اہلکاروں کی محکمہ میں کوئی جگہ نہیں ان کے خلاف سخت کاروائیاں جاری رہیں گی۔

شنگھائی تعاون تنظیم سے پاکستانی معیشت کی سمت درست ہوگی، چوہدری ناصر حمید



عارفوالا (نامہ نگار نصراللہ سے) شنگھائی تعاون تنظیم سے پاکستانی معیشت کی سمت درست ہوگی، ہمٹ میں شرکت کے لیے آنے والے رکن ممالک کے سربراہان کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ چوہدری ناصر حمید سینئر نائب صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، سینئر نائب صدر ساہیوال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری چوہدری ناصر حمید نے کہا کہ شنگھائی تعاون سمٹ کی کامیابی سے پاکستان میں قومی معیشت کی سمت درست ہوگی، یہ سمٹ ہماری قومی معیشت کے لیے بہت اہمیت رکھتی ہے۔ 15 اور 16 اکتوبر کو اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم کا سربراہی اجلاس منعقد ہونا ملک کے لیے ایک اعزاز کی بات ہے۔

سیالکوٹ ضلعی انتظامیہ کی غفلت، غیر معیاری کیچپ، مضر صحت پاپڑ فوڈ آئیٹمز کی فروخت جاری

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سیالکوٹ میں شہریوں کی صحت کے ساتھ کھلواڑ جاری دو نمبر کولڈ ڈرنکس کی فروخت دھڑلے سے جاری ہے شہر میں جگہ جگہ فنگر چپس، فرائز برگر، شوارما اور دیگر فاسٹ فوڈ آئٹمز میں انتہائی ناقص کیچپ کی فروخت دھڑلے سے جاری ہے اس کے علاوہ سیالکوٹ شہر میں دو نمبر کولڈ ڈرنکس، غیر معیاری پاپڑ، ملاوٹ والے دودھ کی فروخت بھی جاری ہے ناقص و مضر صحت اشیاء بچوں بڑوں میں معدے کی بیماریاں، جگر کی بیماریاں، نظام تنفس کی بیماریاں، دل کی بیماریاں پھیلانے کا موجب بن رہی ہیں جبکہ پنجاب فوڈ اتھارٹی اور متعلقہ انتظامیہ کی ٹیمیں مکمل طور پر غیر فعال دکھائی دیتی ہیں عوام کا ڈی سی او سیالکوٹ۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی پنجاب۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ ہے کہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف فی الفور کاروائی کی جائے۔

میونسپل کارپوریشن کے زیر اہتمام گلیوں کی مرمت و بحالی کی سکیموں کا جائزہ

کمشنر کی جاری ترقیاتی سکیموں کو تیز رفتاری سے مکمل کرنے کی سخت ہدایت کی



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) کمشنر/ایڈمنسٹریٹر سلوت سعید کی زیر صدارت میونسپل کارپوریشن کے افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں میونسپل کارپوریشن کے زیر اہتمام گلیوں کی مرمت و بحالی کی ترقیاتی سکیموں پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر نے میونسپل سروسز کی فراہمی سے متعلقہ جاری ترقیاتی سکیموں کو تیز رفتاری سے مکمل کرنے کی سخت ہدایت کی اور کہا کہ منصوبوں کے تعمیراتی عمل میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو معیاری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ترجیح ہے اس ضمن میں میونسپل کارپوریشن کے افسران ذمہ داریوں کا ادراک کریں۔ انہوں نے کہا کہ جاری منصوبوں کی تعمیراتی پیشرفت سے باقاعدگی سے آگاہ رکھا جائے۔ کمشنر/ایڈمنسٹریٹر نے سب انجینئرز سے الگ الگ ایم اینڈ آر کے تحت جاری گلیوں کی تعمیراتی پیشرفت پر بریفنگ بھی لی اور بعض سکیموں پر کام شروع نہ ہونے پر ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ ٹھیکیداروں کو متحرک کرنے کا حکم دیا اور مکمل ہونے والی سکیموں کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرانے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر جنرل کو شہر بھر میں زیر تکمیل سکیموں کی مانیٹرنگ کی ذمہ داری تفویض کی گئی ہے جبکہ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سکیموں کی تعمیراتی پیشرفت کو کاؤنٹر چیک کریں۔ کوالٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔

ریسکیو سینٹرل اسٹیشن انٹرا ڈسٹرکٹ یونین کونسل کمیونٹی ایمرجنسی رسپانس ٹیمز کے مابین مقابلہ جات

چنیوٹ، لالیاں اور بھوآنہ کی تربیت یافتہ رضا کاروں پر مشتمل کمیونٹی ایمرجنسی رسپانس ٹیمز نے حصہ لیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارہ امتیاز) کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر طاہرہ خان کی زیر نگرانی ریسکیو سینٹرل اسٹیشن انٹرا ڈسٹرکٹ یونین کونسل کمیونٹی ایمرجنسی رسپانس ٹیمز کے مابین مقابلہ جات کروائے گئے جس میں ضلع کی تینوں تحصیلوں چنیوٹ، لالیاں اور بھوآنہ کی تربیت یافتہ رضا کاروں پر مشتمل کمیونٹی ایمرجنسی رسپانس ٹیمز نے حصہ لیا۔ مقابلوں میں کسی بھی سانحہ یا حادثہ کی صورت میں متاثرہ افراد کی درجہ بندی کے سا

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

شفگھائی سربراہ کانفرنس۔ پاکستان کیلئے ثمرات کا آغاز

شفگھائی تعاون تنظیم کے 23 ویں اجلاس کا اسلام آباد میں افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاح وزیراعظم شہباز شریف نے کیا جو اس سٹ کی میزبانی اور صدارت کر رہے ہیں۔ اجلاس میں نو رکن ممالک کے سربراہان اور نمائندگان شریک ہیں جبکہ مبصر حیثیت رکھنے والے 2 ممالک بیلاروس اور منگولیا سمیت کئی ممالک کے وفود بھی اسلام آباد کی قابل پروف سکیورٹی کے انتظامات دیکھنے گئے تھے جبکہ خوشخبری صوفی ہے سجایا گیا ہے۔ مہمانوں کی نقل و حرکت کے تمام روٹس پر رنگ قمقمے اور اسٹریٹ لائٹس لگائی گئی ہیں، ریڈ زون کو مکمل بند کر دیا گیا ہے۔ دس ہزار سے زائد پولیس اہلکار اسلام آباد میں تعینات ہیں جبکہ ریڈ زون کی نگرانی کے لئے ڈرون بھی استعمال کئے جا رہے ہیں۔ شفگھائی سٹ کے موجودہ اسلام آباد کی قابل پروف سکیورٹی کے انتظامات کیے گئے ہیں جبکہ خوشخوصوصی ہے سجایا گیا ہے۔ مہمانوں کی نقل و حرکت کے تمام روٹس پر رنگ قمقمے اور اسٹریٹ لائٹس لگائی گئی ہیں، ریڈ زون کو مکمل بند کر دیا گیا ہے۔ دس ہزار سے زائد پولیس اہلکار اسلام آباد میں تعینات ہیں جبکہ ریڈ زون کی نگرانی کے لئے ڈرون بھی استعمال کئے جا رہے ہیں۔ شفگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس کا پاکستان میں منعقد ہونا خوش آئند ہے۔ اسلامی ممالک کے ساتھ دوستی کو مضبوط بنانا ہماری خارجہ پالیسی کا بنیادی نکتہ ہے۔ اس تنظیم کے رکن ممالک کے ساتھ ہمارے تعلقات کی ایک تاریخ ہے۔ ہم ان کے ساتھ ثقافتی، تجارتی اور دفاعی شعبوں میں تعاون کرتے رہے ہیں۔ ہمارے ان ممالک کے ساتھ بہت اچھے تعلقات ہیں۔ ہم ان کے ساتھ مل کر اپنے خطے کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں



ویلڈن ٹیم گرین ویلڈن مریم نواز شریف

وزیراعلیٰ پنجاب نے انگلینڈ کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میں فتح پر پاکستان ٹیم کو مبارک باد دی ہے اور ٹیم کی عمدہ کارکردگی کو سراہا ہے

لاہور (شیروز میاں سے) انگلینڈ کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ میں کامیابی حاصل کرنے پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے قومی ٹیم کے لیے پیغام جاری کر دیا۔ مریم نواز نے اپنے پیغام میں خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ویلڈن ٹیم گرین ویلڈن۔ انہوں نے انگلینڈ کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میں فتح پر پاکستان ٹیم کو مبارک باد دی ہے اور ٹیم کی عمدہ کارکردگی کو سراہا ہے۔ مریم نواز نے کہا ہے کہ دوسرے ٹیسٹ میچ میں دونوں ٹیموں نے بہترین کھیل پیش کیا۔ واضح رہے کہ دوسرے ٹیسٹ میچ میں پاکستان نے انگلینڈ کو 152 رنز سے شکست دے کر 3 میچز کی سیریز ایک ایک سے برابر کر دی۔ 3 ٹیسٹ کی سیریز کا آخری اور فیصلہ کن میچ 24 اکتوبر سے راولپنڈی میں شروع ہوگا۔



پاک، انگلینڈ ٹیسٹ سیریز: سلیکٹرز پنڈی ٹیسٹ کی پچ سے بھی ہوم ایڈوانٹیج لینے کے خواہشمند

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان ٹیسٹ سیریز کے تیسرے میچ کے لیے پچ کی تیاری شروع کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز میں آخری میچ کھیلنے پنڈی اسٹیڈیم میں پچ کی تیاری شروع کر دی گئی ہے اور سلیکٹرز پنڈی ٹیسٹ کی پچ سے بھی ہوم ایڈوانٹیج لینے کے خواہشمند ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ سلیکٹر عاقب جاوید پنڈی ٹیسٹ کی پچ پر بھی خصوصی توجہ دے رہے ہیں اور انہوں نے پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کے گراؤنڈ اسٹاف کو خصوصی ہدایات دے دیں ہیں۔ ذرائع کے مطابق پنڈی میں بھی ملتان ٹیسٹ کی طرح اسپن وکٹ تیار کرنے کی کوشش کی جائے گی اور تیسرے ٹیسٹ کے لیے روایت سے ہٹ کر پچ بنانے کی کوشش کی جائے گی، پچ کو ہر ممکن ڈرائی رکھنے کی کوشش کی جائے گی جب کہ اسکوائر کو بھی ڈرائی رکھنے کی کوشش کی جاری ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ سلیکٹر عاقب جاوید پچ کی تیاری دیکھنے کے لیے راولپنڈی بھی جائیں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان تیسرا ٹیسٹ 24 اکتوبر سے پنڈی اسٹیڈیم میں شروع ہوگا۔

نعمان علی اور ساجد خان نے 52 سال بعد ٹیسٹ کرکٹ کا ریکارڈ برابر کر دیا



ملتان (این این آئی) پاکستان کے اسپن بولرز نعمان علی اور ساجد خان نے 52 سال بعد ٹیسٹ کرکٹ کا ریکارڈ برابر کر دیا۔ ملتان میں دوسرے ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ کی تمام 20 وکٹیں پاکستان کے 2 اسپن بولرز نے حاصل کیں۔ یہ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں ساتواں موقع ہے جب 20 وکٹیں 2 بولرز نے لی ہوں، انگلینڈ اور آسٹریلیا دو دو بار جبکہ جنوبی افریقا اور پاکستان ایک ایک بار یہ کارنامہ انجام دے چکے ہیں۔ آخری بار 1972ء میں آسٹریلیا کے ڈینس للی اور باب میسی نے انگلینڈ کے 20 کھلاڑی آوٹ کیے تھے۔ پاکستان نے 1956ء کے کراچی ٹیسٹ میں آسٹریلیا کو 9 وکٹ سے ہرایا تھا اور اس میچ میں فضل محمود اور خان محمد نے مشترکہ طور پر 20 آوٹ کیے تھے۔ فضل محمود نے اس میچ میں 13 اور خان محمد نے 7 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ پاکستان کے اسپن بولرز نعمان علی اور ساجد خان نے 52 سال بعد ٹیسٹ کرکٹ کا ریکارڈ برابر کر دیا۔ ملتان میں دوسرے ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ کی تمام 20 وکٹیں پاکستان کے 2 اسپن بولرز نے حاصل کیں۔ یہ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں ساتواں موقع ہے جب 20 وکٹیں 2 بولرز نے لی ہوں، انگلینڈ اور آسٹریلیا دو دو بار جبکہ جنوبی افریقا اور پاکستان ایک ایک بار یہ کارنامہ انجام دے چکے ہیں۔

جمناسٹک چمپئن شپ کریسنٹ ماڈل ہائر سیکنڈری سکول شادمان میں منعقد

چیمپئن شپ میں لاہور ڈویژن کے 50 کھلاڑیوں نے چیمپئن شپ میں شرکت کی



لاہور (میاں شہروز سے) لاہور بورڈ انٹر ڈسٹرکٹ سکولز جمناسٹک چمپئن شپ کریسنٹ ماڈل ہائر سیکنڈری سکول شادمان لاہور میں منعقد ہوئی جس میں شیخوپورہ، قصور، لاہور ڈسٹرکٹ کے سکولز نے شرکت کی افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی پرنسپل کریسنٹ سکول شادمان تھی، چیمپئن شپ میں لاہور ڈویژن کے 50 کھلاڑیوں نے چیمپئن شپ میں شرکت کی، ججز کے فرائض پروفیسر احسن ہارون جنرل سیکرٹری پنجاب جمناسٹک فیڈریشن نے سرانجام دیئے، کریسنٹ سکول کے 9 کلاس کے کھلاڑی عمیر بیٹ جمناسٹر قرار پائے، کریسنٹ سکول شادمان نے پہلی، گورنمنٹ سٹی ڈسٹرکٹ سکول مغلپور لاہور نے دوسری اور گورنمنٹ طارق ہای سکول شیخوپورہ نے تیسری پوزیشن حاصل کی، ڈائریکٹر سپورٹس لاہور بورڈ نے جیتنے والے کھلاڑیوں میں کیش پرائز اور اسناد تقسیم کیے۔

جنوبی افریقا نے ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے فائنل میں جگہ بنالی

دبئی (این این آئی) جنوبی افریقہ نے آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے فائنل میں جگہ بنالی۔ سیمی فائنل میں دفاعی چیمپئن آسٹریلیا کو 8 وکٹوں سے ہرا دیا۔ دبئی میں کھیلے گئے ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں آسٹریلوی بیٹرز آف کلر دکھائی دیں، اس کی دو وکٹیں 18 رنز پر گر گئیں، اس کے بعد بیتھ مونی نے 44 اور تاہلیہ میک گرانے 27 رنز بنا کر ٹیم کو سہارا دیا۔ ایلیسا پیری نے بھی 31 رنز کی اننگز کھیلی لیکن آسٹریلوی ٹیم پانچ وکٹ پر 134 رنز بنا سکی۔ ہدف کے تعاقب میں جنوبی افریقا کی بھی پہلی وکٹ تو 25 رنز پر گر گئی، لیکن پھر اینیکی بوش نے کپتان لارا کا خوب ساتھ دیا، دونوں نے اسکور 121 تک پہنچا دیا۔ کپتان 42 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئیں، لیکن اینیکی رنز بناتی رہیں اور اٹھاریں اوور میں اپنی ٹیم کو آٹھ وکٹ کی فتح کے ساتھ فائنل میں پہنچا دیا۔ اینیکی 74 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔

پاکستان نے چھٹی ایشین اوپن (کیوروگی) تائیکوانڈو چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے تاریخی کامیابی حاصل کرتے ہوئے انڈونیشیا میں ہونے والی چھٹی ایشین اوپن (کیوروگی) تائیکوانڈو چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ بین الاقوامی تائیکوانڈو ایونٹ میں پاکستان کی جانب سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کھلاڑیوں نے مجموعی طور پر 3 گولڈ، 3 سلور اور 2 برانز میڈلز جیتے جو کہ ملک کی تائیکوانڈو تاریخ میں ایک یادگار لمحہ ہے۔ چیمپئن شپ میں گزشتہ روز پاکستان کے ہارون خان نے 58 کلوگرام کیٹیگری کے فائنل میں اپنے ہم وطن ابوبکر کو شکست دیکر گولڈ میڈل جیتا، ہارون نے یہ مقابلہ سنسنی خیز انداز میں 6-4 اور 9-7 سے جیتا، اسی کیٹیگری میں ابوبکر نے سلور میڈل حاصل کیا۔

بابا غوث اعظم دستگیر کے سالانہ میلے میں نیزہ بازی کے شاندار مقابلے



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال کے نواحی گاوں چک نمبر 129 نائن ایل میں بابا غوث اعظم دستگیر کے سالانہ میلے میں نیزہ بازی کے شاندار مقابلے ہوئے، نیزہ بازی جلسہ میں گھڑ سواروں نے نے جاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اور شائقین نے بھرپور لطف اٹھایا اور نیزہ بازی کے کھیل کو خوب سراہا۔ پنجاب کے روایتی کھیل نیزہ بازی کا مقابلہ چک نمبر 129 نائن ایل میں ہوا جلسہ نیزہ بازی میں نامور گھڑ سواروں نے شرکت کی اور میدان میں چار چاند لگائے گھڑ سواروں نے اپنی فنی مہارت سے شائقین کے دل جیتے اور خوب داد سمیٹی جلسہ نیزہ بازی کے مہمان خصوصی ہر دل عزیز ٹکٹ ہولڈر پاکستان پیپلز پارٹی پی پی 200 مہر آصف احمد کاٹھیا، مہر یوسف کلاسن پرشاباش دی۔ حلقہ پی پی 201 تھے، شائقین نے جلسہ میں شرکت کر کے نیزہ بازی جلسہ سے بھرپور لطف اٹھایا اور نیزہ بازی کے کھیل کو خوب سراہا میلے کے سرپرست اعلیٰ رائے افتخار حسین کھرل و دیگران کا کہنا تھا کہ ہم ہر سال یہ میلہ کرواتے ہیں جس میں نیزہ بازی، کا کھیل کروایا جاتا ہے جو ہمارے اجداد کی روایت ہیں۔ نیزہ بازی کا کھیل ہمارے بزرگوں کی طرف سے ہمیں ورثے میں ملا ہے اس کے لئے سارا سال محنت کرتے ہیں تا کہ اپنے ساتھ اپنے علاقہ کی عوام بھی لطف اندوز ہو، میلے میں شاندار نیزہ بازی پر لوگوں نے خوب داد دی۔ نیزہ بازی کے اختتام پر مہمانوں نے جیتنے والی ٹیموں کو انعام تقسیم کیئے اور اچھے کھیل پر شاباش دی۔

محسن نقوی کی ملتان ٹیسٹ جیتنے پر پاکستانی ٹیم کو مبارکباد

طویل عرصے کے بعد ہوم ٹیسٹ میچ میں کامیابی کا سہرا ٹیم ورک کا نتیجہ ہے، محسن نقوی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے ملتان ٹیسٹ جیتنے پر پاکستانی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ ساجد خان اور نعمان علی نے شاندار باؤلنگ کر کے فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ کامران غلام نے پہلے ہی میچ میں سنچری سکور کر کے اپنی بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ طویل عرصے کے بعد ہوم ٹیسٹ میچ میں کامیابی کا سہرا ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ محنت، جذبے اور پروفیشنل اپروچ کے ساتھ ٹیم کھیلی اور فتح حاصل کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ ٹیم میں نئے کھلاڑیوں نے اپنی سلیکشن کو درست ثابت کیا۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ انگلینڈ کے خلاف آخری ٹیسٹ میچ میں بھی ٹیم بہترین کارکردگی دکھائے گی اور سیریز اپنے نام کرے گی۔

شکیب الحسن کا بنگلادیش نہ جانے کا فیصلہ



ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیش کے کرکٹر شکیب الحسن نے وطن واپسی پر یوٹرن لے لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سیکیورٹی خدشات کے باعث شکیب الحسن نے بنگلادیش نہ جانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ڈھاکا میں شیر بنگلا اسٹیڈیم کے باہر گزشتہ روز شکیب الحسن کے خلاف مظاہرہ ہوا ہوا تھا، مظاہروں کے وقت اسٹیڈیم میں جنوبی افریقا اور بنگلادیش کی ٹیمیں پریکٹس کر رہی تھیں۔ شکیب الحسن نے بنگلادیشی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں نے واپس بنگلادیش جانا تھا مگر اب ایسا لگتا ہے کہ میں نہیں جاسکوں گا، سیکیورٹی وجوہات کی وجہ سے ایسا فیصلہ کیا اور یہ میری ذاتی سیکیورٹی کا مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے لگ رہا ہے کہ وطن واپس نہ جانے کا میرا یہ فیصلہ حتمی ہے۔ شکیب الحسن نے جنوبی افریقا

ملتان ٹیسٹ میں انگلینڈ کو 152 رنز سے شکست، پاکستان نے تین سال بعد ہوم گراؤنڈ پر پہلی فتح حاصل کرلی

اسپنرز نعمان علی اور ساجد خان کی تباہ کن باؤلنگ کی بدولت دوسرے ٹیسٹ میں کامیابی کے بعد سیریز 1-1 سے برابر

ملتان (این این آئی) پاکستان نے اسپنرز نعمان علی اور ساجد خان کی تباہ کن باؤلنگ کی بدولت انگلینڈ کو دوسرے ٹیسٹ میچ میں 152 رنز سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز 1-1 سے برابر کرنے کے ساتھ ساتھ تین سال بعد ہوم گراؤنڈ پر پہلا ٹیسٹ میچ جیت لیا۔ ملتان میں کھیلے گئے سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن انگلینڈ نے 36 رنز دو کھلاڑی آؤٹ سے اپنی دوسری نامکمل اننگز دوبارہ شروع کی تو جوروٹ اور اولی پوپ وکٹ پر موجود تھے۔ پاکستان کو دن کے آغاز میں ہی پہلی کامیابی مل گئی اور 37 کے مجموعی اسکور پر ساجد خان نے پوپ کو اپنی ہی گیند پر کیچ کر کے پویلین رخصت کر دیا۔ جو روٹ نے ہیری بروک کے ساتھ مل کر اسکور کو 55 تک پہنچایا لیکن اسی اسکور پر انگلینڈ کی تاریخ کے سب سے کامیاب بلے باز نعمان علی کی گیند پر ایل بی ڈبلیو قرار پائے۔ بروک نے بین اسٹوکس کے ہمراہ اگلے چند اوورز میں برق رفتاری سے بیٹنگ کی اور اسکور کو 78 تک پہنچا دیا لیکن نعمان نے ایک مرتبہ پھر پاکستان کو کامیابی دلاتے ہوئے بروک کو بھی ایل بی ڈبلیو کر دیا۔ جیمی اسمتھ کا بھی وکٹ پر قیام چند گیندوں تک محدود رہا اور چھ رنز بنانے کے بعد وہ بھی نعمان کی گیند پر کپتان شان مسعود کو کیچ دے بیٹھے۔ اس کے بعد بین اسٹوکس کا ساتھ دینے بریڈن کارس آئے اور دونوں نے تیزی سے رنز اسکور کرتے ہوئے اسکور 125 تک پہنچا دیا لیکن نعمان کی ایک گیند پر کریز سے باہر نکل کر چھکا لگانے کی کوشش میں 17 رنز بنانے والے کپتان بین اسٹوکس اسٹمپ ہو گئے۔







SHOWBIZ

''ہمیں انصاف چاہیے'': بابا صدیقی کے بیٹے کا مطالبہ



ممبئی (شوبز ڈیسک) بشنوئی گروپ کے ہاتھوں قتل ہونے والے بھارتی سیاستدان بابا صدیقی کے بیٹے ذیشان صدیقی نے والد کے انتقال کے بعد پہلا جذباتی پیغام پوسٹ کرتے ہوئے اہم مطالبہ کیا ہے۔ ذیشان صدیقی نے والد کے قتل کے بعد کچھ دن سے خاموشی اختیار کی ہوئی تھی لیکن اب انہوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے پہلا بیان جاری کیا ہے جو ان کے گہرے صدمے اور والد کے قاتلوں کے لیے نفرت کو واضح کر رہا ہے۔ بابا صدیقی کے بیٹے نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر ایک پوسٹ شیئر کی ہے، جس میں انہوں نے لکھا کہ ''میرے والد نے اپنی زندگی لوگوں کی حفاظت کرنے اور غریبوں کی جان اور گھروں کو بچانے کے سبب گنوادی''۔ انھوں نے اپنے غم کا اظہار کرتے ہوئے مزید لکھا کہ ''آج میری فیملی ٹوٹ چکی ہے، لیکن والد کی موت سیاست کی نذر نہیں ہونی چاہیے اور ان کی قربانی ضائع نہیں جائے گی۔

کمپیئر و مصنف دلدار پرویز بھٹی کی 29 ویں برسی 30 اکتوبر کو منائی جائیگی

لاہور (این این آئی) نامور کمپیئر اور مصنف دلدار پرویز بھٹی کی 29 ویں برسی 30 اکتوبر کو منائی جائے گی۔ دلدار پرویز بھٹی نے کیریئر کا آغاز گورنمنٹ کالج ساہیوال سے بطور لیکچرار کیا۔ انہیں پنجابی، اردو اور انگریزی زبانوں پر عبور حاصل تھا۔ دلدار پرویز بھٹی نے دیا اور رٹا کرا نامی پروگرام سے اپنے فنی سفر کا آغاز کیا۔ پی ٹی وی کو پنجابی میں پہلا کوئز شو شروع کرنے کا آئیڈیا بھی انہوں نے دیا۔ انہوں نے میلہ، یادش بخیر اور پنجند جیسے مقبولِ عام پروگرام بھی کامیابی سے پیش کیے۔ وہ پی ٹی وی کے ساتھ 1974 سے مرتے دم تک منسلک رہے۔ ان کی تحریر کردہ کتابوں میں دلداریاں، آمنا سامنا اور دلبر دلبر نمایاں ہیں۔ وہ 30 اکتوبر 1994 کو امریکا میں دماغ کی شریان پھٹنے سے اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔

ورلڈ کلچر فیسٹیول میں تھیٹر پلے چتورائی پیش

کراچی (این این آئی) بیسویں روز عالمی ثقافتی میلے میں معاشرے کے تضادات، عورتوں کی حق تلفی، عقل اور چالاکی کی کشمکش پر مبنی تھیٹر پلے چتورائی پیش کیا گیا۔ پہلے میک اپ روم میں آرٹسٹوں کو کرداروں میں ڈھالا گیا، پھر سجے ہوئے تھیٹر فنکار اسٹیج پر اترے اور معاشرے کی دکھتی رگ پر ہاتھ رکھا۔ اس ڈرامے کی کہانی دوسری شادی کرنے والے سائیں سے شروع ہوئی جس میں پہلی بیوی دانشمند اور دوسری چالباز ہوتی ہے۔ ڈرامے میں اولاد کی تمنا پوری نہ ہوئی تو سائیں تیسری بیگم لے آتا ہے اور یوں پہلی اور دوسری بیگم میں خاموش اتحاد کی بنیاد پڑتی ہے۔ اس موقع پر ڈرامے کے کرداروں نے کہا کہ آنسو اور مسکراہٹ کے ملے جلے جذبوں میں چھپی چتورائی کھیلنے بہت محنت کی ہے۔

ویب سیریز پنچایت سیزن 4 کا انتظار ختم، 25 اکتوبر سے شوٹنگ شروع ہوگی

ممبئی (این این آئی) ویب سیریز پنچایت کے شائقین کے لیے خوشخبری آگئی، مقبول ویب سیریز کا چوتھا سیزن 25 اکتوبر سے فلور پر جائے گا۔ ذرائع کے مطابق پنچایت سیزن 4 میں سبھی پسندیدہ کردار واپس آئیں گے، جن میں عبیشک ترپاٹھی عرف سچیو جی (جیتیندر کمار)، برج بھوشن دوبے عرف پردھان پتی (گھیریادو)، منجو دیوی (نینا گپتا)، پرہلاد (فیصل ملک)، وکاس شکلہ (چندن رائے)، رنکی (سنویکا)، بھوشن (دگیش کمار)، ہنوڈ (اشوک پاٹھک) اور کرانتی دیوی (سمیٹا راجور) شامل ہیں۔ سیزن 3 میں ایم پی کا کردار نبھانے والے سوانند کرکیری بھی اس بار ایک اہم کردار میں نظر آئیں گے۔

بشنوئی گروپ نے دشمنی ختم کرنے کے لیے سلمان خان سے بڑی رقم کا مطالبہ کر دیا

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کے سپر اسٹار سلمان خان کو لارنس بشنوئی گروپ کی جانب سے ایک اور دھمکی آمیز پیغام بھیجا گیا ہے جس میں بشنوئی گروپ سے دشمنی ختم کرنے کے لیے پانچ کروڑ روپے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ واٹس ایپ پیغام میں خبردار کیا گیا ہے کہ اگر رقم ادا نہ کی گئی تو سلمان خان کا حشر مہاراشٹر کے سابق وزیر بابا صدیقی سے بھی برا ہوگا۔ اداکار سلمان خان کو اس سے قبل بھی بشنوئی گروپ کی جانب سے قتل کی دھمکیاں دی جاتی رہی ہیں۔ حالیہ تازہ دھمکی ممبئی ٹریفک پولیس کو ایک واٹس ایپ پیغام کے ذریعے بھیجی گئی ہے۔ پیغام کے متن میں مزید کہا گیا ہے کہ ''اسے ہلکا نہ لیں۔ اگر سلمان خان زندہ رہنا چاہتے ہیں اور لارنس بشنوئی کے ساتھ دشمنی ختم کرنا چاہتے ہیں تو انھیں پانچ کروڑ روپے ادا کرنے ہوں گے۔ اگر رقم نہ دی گئی تو ان کی حالت بابا صدیقی سے بھی بدتر ہو جائے گی۔'' ذرائع کے مطابق ممبئی پولیس اس پیغام کی اصلیت کا پتہ لگانے کے لیے کام کر رہی ہے اور سلمان خان کی باندرہ رہائش گاہ کے اردگرد سیکیورٹی بڑھا دی گئی ہے۔ یاد رہے کہ یہ پہلا موقع نہیں ہے جب سلمان خان کو بشنوئی گینگ کی طرف سے جان سے مارنے کی دھمکی دی گئی ہو۔ 2022 میں اداکار کو دھمکی آمیز خط ان کی رہائش گاہ کے قریب ایک بینچ سے ملا تھا اور مارچ 2023 میں مبینہ طور پر گینگ کے ارکان کی طرف سے ایک ای میل بھیجی گئی تھی۔

''یہ شخص کبھی ہلکا نہیں آتا ہے'' بلال اشرف کے فوٹو شوٹ پر مایا علی کا کمنٹ وائرل



کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار بلال اشرف کے فوٹو شوٹ پر اداکارہ مایا علی کا کمنٹ وائرل ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکار بلال اشرف نے اپنے نئے انڈور فوٹو شوٹ کی تصاویر شیئر کی جس میں انہیں سنجیدگی کا تاثر دیتے دیکھا جاسکتا ہے۔ مداحوں کا خیال تھا کہ اداکار کی تصاویر شاید ان کے کسی نئے پروجیکٹ کی ہیں۔ اداکار کی تصاویر کو شوبز سے وابستہ شخصیات نے بھی پسند کیا جس میں ثروت گیلانی اور مایا علی شامل تھیں۔ مایا علی نے ساتھی اداکار و دوست بلال اشرف کی تصاویر پر کمنٹ کرتے ہوئے لکھا کہ یہ شخص کبھی ہلکا نہیں آتا ہے۔ کام کے محاذ پر بلال اور مایا نے ڈرامہ سیریل ''پہلی سی محبت'' میں اداکاری کے جوہر دکھائے تھے جس میں دونوں کی کیمسٹری کو مداحوں کی جانب سے پسند کیا گیا تھا۔

نئے جیون ساتھی کی کون سی خوبی نے وینا ملک کو گرویدہ بنالیا

اسلام آباد (شوبز ڈیسک) پاکستان کی معروف ماڈل اور اداکارہ وینا ملک نے حال ہی میں اپنے نئے جیون ساتھی کی خوبیوں کا تذکرہ کیا۔ وینا ملک کا کہنا تھا کہ شہریار چوہدری میرے نئے جیون ساتھی ہیں جن کے بارے میں مداحوں کو شادی والے دن معلوم ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کم عمری میں بزنس مین اسد بشیر خٹک سے دبئی میں شادی کی تھی، لیکن یہ میری غلطی تھی جسے اب میں دہرانا نہیں چاہتی۔ اپنے نئے جیون ساتھی شہریار چوہدری کے حوالے سے وینا ملک نے کہا کہ ان کا تعلق بھی میری طرح اسلام آباد سے ہی ہے، ہماری چند ملاقاتیں ہوئیں ہیں، ان ملاقاتوں میں شہریار چوہدری کو خوبصورت انسان پایا۔ وینا ملک نے کہا کہ شہریار چوہدری کا گاڑیوں اور پراپرٹیز کا کاروبار ہے وہ ایک اعلیٰ خاندان سے تعلق رکھتے ہیں، وہ تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ حافظ قران بھی ہیں اور اسی خوبی نے مجھے ہاں کہنے پر مجبور کیا۔ واضح رہے وینا ملک کے اپنے سابقہ شوہر بزنس مین اسد بشیر خٹک سے دو بچے بھی ہیں۔ پاکستان کی معروف ماڈل اور اداکارہ وینا ملک نے حال ہی میں اپنے نئے جیون ساتھی کی خوبیوں کا تذکرہ کیا۔ وینا ملک کا کہنا تھا کہ شہریار چوہدری میرے نئے جیون ساتھی ہیں جن کے بارے میں مداحوں کو شادی والے دن معلوم ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کم عمری میں بزنس مین اسد بشیر خٹک سے دبئی میں شادی کی تھی، لیکن یہ میری غلطی تھی جسے اب میں دہرانا نہیں چاہتی۔ اپنے نئے جیون ساتھی شہریار چوہدری کے حوالے سے وینا ملک نے کہا کہ ان کا تعلق بھی میری طرح اسلام آباد سے ہی ہے، ہماری چند ملاقاتیں ہوئیں ہیں، ان ملاقاتوں میں شہریار چوہدری کو خوبصورت انسان پایا۔ وینا ملک نے کہا کہ شہریار چوہدری کا گاڑیوں اور پراپرٹیز کا کاروبار ہے وہ ایک اعلیٰ خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔

شاہ رخ خان کی آئیکونک ٹی وی سیریز فوجی کے سیکوئیل کا اعلان

ممبئی (این این آئی) شاہ رخ خان کے مشہور ٹی وی سیریل فوجی کا سیکوئل فوجی 2 بہت جلد ناظرین کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ فلمساز سندیپ سنگھ اور دوردرشن کے اشتراک سے اس سیریل کو ایک جدید انداز میں پیش کیا جائے گا۔ فوجی 2 میں وکی بہین کرنل سنجے سنگھ کا کردار نبھائیں گے جبکہ گوہر خان لیفٹیننٹ کرنل سمر جیت کور کا کردار ادا کریں گی، جو ہتھیاروں کی ماہر کیڈٹ ٹرینر ہوں گی۔ سیریل میں بھارتی فوج کے جوانوں کی زندگی، ان کے مسائل، اور ان کی دوستی کو دکھایا جائے گا۔ سندیپ سنگھ کے مطابق ہم نے اس سیریل کو نئے انداز میں پیش کرنے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑی، فوجی کی کہانی اس بار ناظرین کو ایک منفرد اور جذباتی تجربہ فراہم کرے گی۔ اس پروجیکٹ کی خاص بات یہ ہے کہ پدما شری اور نیشنل ایوارڈ یافتہ گلوکار سونو نگم نے اس کا ٹائٹل ٹریک گایا ہے اور سیریل میں کل 11 گانے ہوں گے۔ سیریل کی موسیقی فلم فیئر ایوارڈ یافتہ کمپوزر شریاس پورنیک نے تیار کی ہے۔ فوجی 2 بہت جلد دوردرشن پر نشر ہوگا اور ہندی، تمل، تیلگو، گجراتی، پنجابی اور بنگالی زبانوں میں دستیاب ہوگا۔

روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین سے ٹیوٹا سٹاف یونین کے صدر مختار اعوان کی قیادت میں وفد کی ملاقات

وفد نے یونین عہدیداران پر پابندیوں، انتقامی کارروائیوں کے خاتمے اور دیگر مطالبات کئے



لاہور (شیر وزمیاں سے) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے ٹیوٹا سٹاف یونین کے صدر مختار اعوان کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے کٹی روم میں ہونے والی ملاقات میں ٹیوٹا کے ملازمین کیلئے ڈیپریٹی الاؤنس، ملازمین کی ترقیوں کے لئے فریم ورک اور دیگر مسائل پر بات چیت ہوئی۔ وفد نے یونین عہدیداران پر پابندیوں، انتقامی کارروائیوں کے خاتمے اور دیگر مطالبات کئے۔ صوبائی وزیر نے جائز مطالبات کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ ٹیوٹا ملازمین کیلئے 40 فیصد ڈیپریٹی الاؤنس کی سمری منظوری کیلئے بھجوادی ہے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹیوٹا کے اداروں کی اپ گریڈیشن کا عمل جاری ہے۔ سکل ڈویلپمنٹ کے فروغ کیلئے ٹیوٹا اور کوتھم کے مابین تعاون کا معاہدہ کیا جائے گا۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پاکستان کا مستقبل معیاری فنی تعلیم کے فروغ سے جڑا ہے، ٹیکنیکل ایجوکیشن کے فروغ کیلئے ہمیں مل کر آگے بڑھنا ہے۔ ٹیوٹا کے زیر اہتمام ایسی عمارتوں کی نشاندہی کی جائے جہاں تربیتی کورسز کی کلاسیں نہیں ہو رہیں۔ ٹیوٹا کے اداروں کی بہتری اور اسے ہر قسم کی کرپشن سے پاک کرنا میرا مشن ہے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت نے کہا کہ ٹیوٹا کا فنانشل اور پرفارمنس آڈٹ کرایا جا رہا ہے۔ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے فروغ کے لئے ٹیوٹا کے ملازمین محنت اور لگن سے کام کریں۔

محبت رسولؐ ہی مومن کا اثاثہ اور علم اس کی میراث ہے، اظہار صوفی غلام رسول نوری

جن لوگوں کے دل عشق رسولؐ سے خالی ہوتے ہیں وہ زندگی کی حقیقی لذت سے محروم ہوتے ہیں، ڈاکٹر ساجد گوہر



وزیر آباد (نامہ نگار) محبت رسولؐ ہی مومن کا اثاثہ اور علم اس کی میراث ہے، اتباع رسولؐ اس کا شعار اور فکر و تدبر اس کیلئے مینارہ نور کی حیثیت رکھتا ہے، جن لوگوں کے دل عشق رسولؐ سے خالی ہوتے ہیں وہ زندگی کی حقیقی لذت سے محروم ہوتے ہیں، حرمت رسولؐ کی پاسداری ملت اسلامیہ کا ایمانی وصف ہے تاجدار ختم نبوتؐ کی عظمت پر قربان ہونا ہی زندگی کو دوام بخشتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوفی غلام رسول نوری اور ڈاکٹر ساجد گوھر نے بزم داتا شاہ نور ولی سرکارؒ کے زیر اہتمام دربار داتا شاہ نور ولی سرکارؒ وزیر آباد میں سالانہ محفل میلاد مصطفیٰؐ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر عامر مشتاق چوہدری، محمد سکندر چٹھہ، ملک مشتاق احمد فریدی، شاہد علی گوھر، حمزہ نواز سیال، منظور حسین پھول، حاجی محمد راشد غوری و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ بندہ صحیح معنوں میں اس وقت انسان بنتا ہے جب رسولؐ کا انس اس کے دل میں بدرجہ تم پیدا ہو جاتا ہے۔ معروف قوال نعیم افضل بچیاری نے ہمنواؤں کے ہمراہ بدیہ عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ اولیاء اللہ کا حقیقی مشن بھی یہی ہے کہ وہ لوگوں کے دلوں میں عشق رسولؐ پیدا کریں اور اس کے فروغ کیلئے اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ شہنشاہ کل عالمؐ کی محبت اور اتباع لازم و ملزوم ہیں۔ آپؐ کی اطاعت کے بغیر محبت کا دعویٰ فضول ہے۔ حضور نبی کریمؐ کی محبت انسانیت کی معراج اور قرب الٰہی کے حصول کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔

جامع مسجد البرھان شہباز ٹاون میں غوث اعظم کانفرنس وتقسیم انعامات

طلبا صرف قرآن کے قاری یا حافظ نہیں بلکہ قرآن کا عالم بنیں، علامہ محمد کریم سلطانی



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) جامع مسجد البرھان شہباز ٹاون میں غوث اعظم کانفرنس وتقسیم انعامات کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے علامہ محمد کریم سلطانی، علامہ مرتضیٰ عطاری، پیر قاری محمد عاشق نعیمی مدنی نے کہا کہ قرآن مجید کے ساتھ منسلک رہنے والے طلبا پر اللہ تعالیٰ کے دروازے کھول دیتا ہے۔ طلبا صرف قرآن کے قاری یا حافظ نہیں بلکہ قرآن کا عالم بنیں۔ قرآن کو اس کے تمام علوم وفنون کے ساتھ سمجھا اور سیکھا جائے۔ قرآن مجید اگرچہ عربی زبان میں ہے مگر اللہ رب العزت نے تمام زبانوں کے رنگ اور حسن قرآن مجید میں سمو دیے ہیں۔

نمائندہ نجی ٹی وی چینل آصف علی باجوہ اور عمیر باجوہ کے بھائی شاہد باجوہ کا انتقال

شرکاء نے مرحوم کی وفات پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کیلئے بخشش اور مغفرت کی دعا کی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) نمائندہ نجی ٹی وی چینل آصف علی باجوہ اور عمیر باجوہ کے بھائی شاہد باجوہ انتقال کر گئے جنہیں گزشتہ روز سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا سٹی پریس کلب نارنگ کا تعزیتی اجلاس اعظم علی باجوہ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں پیزیمن محمد شاہد یوسف وائس پیزیمن میاں محمد معظم نواز چیزیمن سپریم کونسل شکیل احمد مغل نائب صدر ظہیر ارشد مغل سیٹھ وقاص علی جنرل سیکرٹری محمد صاحب انفرمیشن سیکرٹری عثمان مان ممبران سپریم کونسل میاں منشاء ولید سرویا اور لیگل ایڈوائزر مرزا عبدالباسط نے شرکت شرکاء نے مرحوم کی وفات پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کیلئے بخشش اور مغفرت کی دعائی۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت ریونیو ریکوری کے حوالے سے اجلاس

ایف بی آر زرعی انکم ٹیکس ریکوری سٹیمپ ڈیوٹی انتقالات اور دیگر ریونیو واجبات کی سو فیصد وصولی یقینی بنانے کی ہدایت



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت ریونیو ریکوری کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، ڈپٹی کمشنر نے ریونیو افسران کو آبیانہ، میونسپل فیس، ایف بی آر، زرعی انکم ٹیکس ریکوری، سٹیمپ ڈیوٹی انتقالات اور دیگر ریونیو واجبات کی سو فیصد وصولی یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ تمام ریونیو افسران اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں اور ریکوری کے اہداف کو مقررہ وقت پر یقینی بنائیں، انہوں نے کہا کہ نادہندگان کو نوٹسز جاری کیے جائیں اور واجبات کی عدم ادائیگی پر نادہندگان کی فصلوں کو قرق کیا جائے تاکہ ریکوری کا حصول یقینی بنایا جاسکے، ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ریونیو ریکوری کیلئے بھرپور اقدامات کیے جائیں اور ریونیو کے حصول کیلئے افسران فیلڈ میں نکلیں اور عملہ ریونیو کی رہنمائی کریں اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رانا محمد عمر، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز شمس الرحمن، میڈم شازیہ رحمن، طارق محمود گوندل، تحصیلدار، نائب تحصیلدار، افسران لینڈ ریکارڈ سنٹر و دیگر ریونیو افسران و عملہ موجود تھا۔

نجی ہسپتال کی لیڈی ڈاکٹر کا ٹیسٹ نہ کروانے والوں پر ظلم

ٹیسٹ نہ کروانے پر مریضہ کے نسخہ پر لکھے لیبارٹری ٹیسٹ میں ردوبدل کرنے لگی

مرید کے (تحصیل رپورٹر) مجاہد ہوٹل سٹاپ کے نزدیک مشہور نجی ہسپتال کی لیڈی ڈاکٹر نے اپنے ہسپتال کی لیبارٹری میں ٹیسٹ نہ کروانے پر مریضہ کے نسخہ پر لکھے لیبارٹری ٹیسٹ میں ردوبدل کر دی تفصیلات کے مطابق فیملی کیئر ہسپتال نزد مجاہد ہوٹل کی لیڈی ڈاکٹر انسانی جانوں سے کھیلنے لگی لیبارٹری ٹیسٹ ہسپتال کی لیبارٹری سے نہ کروانے پر مریض کے نسخہ پر ٹیسٹ کا نام تبدیل کر دیا مریضہ کو یہ کہہ کر ڈرا دیا کہ جو آپ نے ٹیسٹ کروائے ہیں وہ غلط ہیں ہم نے وہ لکھیں ہی نہیں انتظامیہ اور لیڈی ڈاکٹر اپنی کی گئی ردوبدل سے صاف مکر گئے لیکن مریضہ نے اپنے موبائل فون میں لی گئی تصویر ڈاکٹر کے سامنے رکھ دی تو لیڈی ڈاکٹر کی ردوبدل سامنے آگئی لیڈی ڈاکٹر اپنی حرکت پر بلکل پشیمان نہ ہوئی شہریوں کا کہنا ہے کہ اس ہسپتال میں وقت سے پہلے عورتوں کے آپریشن کرنا ٹیسٹوں میں ردوبدل کرنا سرکاری ہسپتال کی دوائیاں استعمال کرنا مریضوں کی ٹیسٹ رپورٹ تبدیل کر دینا معمول کی بات ہے ہسپتال میں رولز سے ہٹ کر فارمیسی اور وہاں صرف کمپنیوں سے ڈیل کر کے مڈیسین پہنچنا ممنوعہ ادویات، نشہ آور ادویات سرعام بیچنا انتظامیہ، ڈی ڈی ایچ او ہیلتھ کیئر کمیشن کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے غیر میعاری آپریشن تھیٹر لیبارٹری اور آن کوالیفائیڈ سٹاف کے ذریعے عوام کے جانی و مالی نقصان کا باعث بننے والے ہسپتال کے خلاف نوٹس لینے کی اپیل کر دی مزید شہریوں نے ڈاکٹر کی اس طرح رپورٹ چیک کرنے کے دوران ٹیسٹ نام میں ردوبدل کرنے پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس جان لیوا ہسپتال کے خلاف فوری ایکشن لینے اور قیمتی جانوں سے کھیلنے کے خلاف ڈسٹرکٹ ہیلتھ پنجاب وزیر اعلیٰ پنجاب ڈی سی شیخوپورہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے ڈاکٹر سے موقف لینے کیلئے رابطہ کیا گیا تو موقف دینے سے انکار کر دیا گیا

اوکاڑہ میں مبینہ پولیس مقابلہ 2 ڈاکو ہلاک دو فرار ہونے میں کامیاب

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں مبینہ پولیس مقابلہ 2 ڈاکو ہلاک دو فرار ہونے میں کامیاب۔ ڈاکو شہری سے لوٹ مار کر کے فرار ہو رہے تھے پولیس ترجمان کے مطابق 4 ڈاکو دیپالپور کے علاقہ چرچ والا پل نزد قائد اعظم چوک سے بشیر اختر نائی شہری سے نقدی 2 لاکھ روپے اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو رہے تھے کہ واردات کی اطلاع ایس ایچ او سٹی دیپالپور کو ملی پولیس فورس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ڈاکوؤں کا بہادری سے تعاقب کیا موٹر سائیکل پر سوار ڈاکوؤں نے پولیس کو دیکھ کر مختلف اطراف سے سیدھی فائرنگ شروع کر دی پولیس نے حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کے 4 کا 4 فائر کنیا اور ڈاکوؤں کو بلند آواز میں ہتھیار پھینک کر گرفتاری دینے کا کہتے رہے مگر ڈاکوؤں نے گرفتاری دینے کی بجائے فائرنگ کا سلسلہ تیز کر دیا۔

الخدمت فاؤنڈیشن ڈسکہ کے زیر اہتمام مقامی ہال میں ویل چیئر تقسیم تقریب کا انعقاد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) الخدمت فاؤنڈیشن ڈسکہ کے زیر اہتمام مقامی ہال میں ویل چیئر تقسیم تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی صدر الخدمت فاؤنڈیشن ضلع سیالکوٹ خواجہ مسعود اختر (ہلال امتیاز۔ ستارہ امتیاز)، سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن ضلع سیالکوٹ چوہدری امتیاز احمد بریار اور سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن ڈسکہ عامر صدیق چیمہ ایڈووکیٹ جبکہ پروگرام کوآرڈینیٹر عمر وریاہ تھے تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا کوآرڈینیٹر عمر وریاہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ آنے والے معزز مہمانوں کا استقبال کیا خواجہ مسعود اختر، چوہدری امتیاز احمد بریار و دیگر مقررین نے ملکی و بین الاقوامی سطح پر اور خصوصاً غزہ میں الخدمت فاؤنڈیشن کی خدمات کو سراہا اور بتایا کہ الخدمت فاؤنڈیشن انسانیت کی خدمت کیلئے ہر قسم کی خدمات فراہم کر رہی ہے۔

صحافی چوہدری عرفان اکرم کے والد وفات پا گئے

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) صحافی چوہدری عرفان اکرم کے والد وفات پا گئے۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پریس کلب کے سینئر صحافی چوہدری عرفان اکرم کے والد محترم حاجی چوہدری محمد اکرم وفات پا گئے، مرحوم کی نماز جنازہ گاؤس محمن وال میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں سیاسی و سماجی، وکلاء، کاروباری اور صحافیوں سمیت اہلیان علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی، شرکاء کی جانب سے صحافی چوہدری عرفان اکرم کے والد کی وفات پر گہرے دکھ کا اظہار کیا گیا اور مرحوم کے بلند درجات کیلئے دعائی گئی۔

نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ اسلام آباد کے زیر اہتمام 41 ویں مڈکیئر منیجمنٹ کورس کے افسران کے وفد کا ان لینڈ سٹڈی ٹور پروگرام کے تحت ضلع جھنگ کا مطالعاتی دورہ،

جھنگ (بیورو رپورٹ) نیشنل انسٹیٹیوٹ آف منیجمنٹ اسلام آباد کے زیر اہتمام 41 ویں مڈکیئر منیجمنٹ کورس کے افسران کے وفد کا ان لینڈ سٹڈی ٹور پروگرام کے تحت ضلع جھنگ کا مطالعاتی دورہ، ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی اور ڈپٹی کمشنر محمد عمیر نے پولیسنگ اور انتظامی امور کے حوالے سے آگاہ کیا، ڈی پی او نے کرائم کنٹرول سنٹر ٹیچی، اور جدید ٹیکنالوجی سے حاصل کردہ نتائج کے بارے میں مفصل بریفنگ دی، اس موقع پر کورس کے شرکاء افسران نے خدمت مرکز، تحفظ سنٹر اور میثاق سنٹر کا وزٹ بھی کیا۔ 41 ویں مڈکیئر منیجمنٹ کورس کے افسران نے جھنگ پولیس کی انسداد جرائم کے حوالے سے موثر حکمت عملی کو بھی سراہا۔ اس موقع پر ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کورس کے شرکاء کو اعزازی شیلڈز بھی پیش کیں

سو فیصد ریونیو ریکوری کو یقینی بنائیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا ہے کہ سرکاری واجبات کی وصولی کے سلسلہ میں تمام ریونیو افسران بورڈ آف ریونیو پنجاب کی ہدایات کے مطابق سو فیصد ریونیو ریکوری کو یقینی بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریونیو افسران کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنر صاحبان سمیت ریونیو افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پلس پراجیکٹ، ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن، آبیانہ و مالیہ، انتقالات، بورڈ آف ریونیو کی کارکردگی کے پیمانے و دیگر معاملات کا جائزہ لیا گیا۔

دانش سکول کی گورننگ باڈی کا پہلا اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد

سیکرٹری و پرنسپل دانش سکول کرنل (ر) محمد محی الدین اطہر و ائس پرنسپل سمیت گورننگ باڈی ممبران شریک



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چیزیمن گورننگ باڈی محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت دانش سکول کی گورننگ باڈی کا پہلا اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ سیکرٹری و پرنسپل دانش سکول کرنل (ر) محمد محی الدین اطہر وائس پرنسپل سمیت گورننگ باڈی، وائس پرنسپل اویس بیگ، ممبر غلام جیلانی، پروفیسر یوسف مغل، سر جیت سنگھ کنول، مدن لال سمیت آصفہ شاہین سمیت دیگر ممبران بھی اجلاس میں شریک تھے۔ پرنسپل دانش سکول نے اجلاس کو داخلہ کی پالیسی، اسکول کی سرگرمیوں اور تعلیمی نتائج پر بریفنگ دی، اجلاس میں اساتذہ اور عملے کی بھرتی سمیت بجٹ کے استعمال اور طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیزیمن گورننگ باڈی دانش سکول نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بابا گرونانک یونیورسٹی کی انتظامیہ جون 2025 تک رہائشی کمرے سکول انتظامیہ کے حوالے کرے اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر الیکشن میٹریل سکول کی بلڈنگ سے کمی اور جگہ شفٹ کرنے کے لیے اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ سنٹر آف ایکسی لینس بوائز سکول ضلع ننکانہ صاحب کا اسٹیٹ آف دی آرٹ سکول ہے، سکول انتظامیہ مین روڈ پر سپیڈ بریکرز کی فی الفور تنصیب کو یقینی بنائیں۔

جھنگ: ڈی ایچ کیو ہسپتال میں تعینات ایم ایس تک محدود

مریضوں اور ان کے لواحقین کا وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی ایچ کیو ہسپتال میں تعینات ایم ایس مریضوں کی عافیت دریافت کرنے کی بجائے دفتر تک محدود ہیں جس کی وجہ سے مریضوں کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق سرکاری ہسپتالوں کے ایم ایس دفتروں میں زیادہ بیٹھنے کی بجائے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کریں اور مریضوں کی عافیت معلوم کر کے ان کے مسائل ترجیحی بنیاں پر حل کریں تاکہ ہسپتالوں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آسکے مگر ڈی ایچ کیو ہسپتال جھنگ میں تعینات ایم ایس وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کو نظر انداز کرتے ہوئے صرف دفتر تک محدود ہیں جس سے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں چیک اینڈ بیلنس اور مریضوں کی عافیت دریافت نہ کرنے کی وجہ سے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے اور مریض در بدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں مریضوں کے لواحقین کا کہنا ہے کہ جب ڈی سی جھنگ مریضوں کی عافیت دریافت کرنے کے لیے ہسپتال کا دورہ کرتے ہیں اسی دن ڈی سی کے ہمراہ ایم ایس کو بھی دیکھا جاتا ہے مریضوں اور ان کے لواحقین نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

فلاحی تنظیم کے زیر اہتمام ایک روزہ بلڈ ٹیسٹ کیمپ لگایا

آس لیب آوروں سہارا ویلفیئر فاؤنڈیشن کے اس خصوصی کاوش کو سراہا



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) فلاحی تنظیم کے زیر اہتمام ایک روزہ بلڈ ٹیسٹ کیمپ لگایا گیا جہاں پر اہلیانِ علاقہ کے بلڈ کے ٹیسٹ کیے گئے، اس موقع پر عوام نے آس لیب کے انکے گاؤں میں کیمپ لگانے پر شکریہ ادا کیا اور آس لیب آوروں سہارا ویلفیئر فاؤنڈیشن کے اس خصوصی کاوش کو سراہا۔ لیب کی جانب سے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا جہاں پر اہلیانِ علاقہ کے بلڈ کے ٹیسٹ کیے گئے، اس موقع پر عوام نے آس لیب کے انکے گاؤں 96 الف پندرہ ایبل میں (فلاحی تنظیم) سہارا ویلفیئر فاؤنڈیشن کے خصوصی تعاون سے (فلاحی ادارہ) آس

CRIME & COURT

جرم وسزا

پولیس تھانہ شکر گڑھ: محنت کش زمیندار تشدد کا شکار ہو گیا

شاہ پور بھنگو کا رہائشی محمد اشرف دوست کے گھر بیٹھے گپ شپ میں مصروف تھا کہ ملزمان نے دھاوا بول دیا

داڑھی کے بال بھی نوچے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دیں، محمد اشرف ڈی پی او نارووال ملک نوید اور ایس ایچ او تھانہ صدر عمر مشتاق واہلہ انصاف فراہم کریں، اپیل



واقعہ، محنت کش زمیندار کو تشدد کا نشانہ بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق محمد اشرف موضع شاہ پور بھنگو کا رہائشی اپنے دوستوں کے ہمراہ نواحی گاؤں جھنگڑواں میں اپنے دوست کے گھر بیٹھے گپ شپ میں مصروف تھے کہ اسی دوران محمد آصف ولد محمد انور بیٹھک میں داخل ہوا اور آزادنہ لاتوں، مکوں سے ذدوکوب کرنا شروع کر دیا، داڑھی کے بال بھی نوچے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دی۔ گزشتہ دونوں سے محمد آصف کے ساتھ زمین کا تنازع بھی چل رہا تھا۔ محمد اشرف نے ڈی پی او نارووال ملک نوید اور ایس ایچ او تھانہ صدر عمر مشتاق واہلہ اور میڈیا نمائندگان سے کہا کہ میرے ساتھ زیادتی ہوئی ہے مجھے انصاف فراہم کیا جائے۔

شیخوپورہ: ڈاکے چوریاں ہوتی رہیں پولیس سوتی رہی، شہری زخمی

موٹر سائیکل سوار انور سے لفٹ لینے والے نے 56 ہزار روپے نقدی چھین لی

تھانہ کے علاقہ حنیف فلور ملز کے قریب 2 مسلح عابد سے 15 ہزار روپے نقدی چھین لی گئی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈاکے چوریاں ہوتی رہیں پولیس سوتی رہی، دوران ڈکیتی مزاحمت پر ٹریفک وارڈن اور ایک شہری کو گولی مار کر زخمی کر دیا گیا، زخمیوں کو ریسکیو اہلکاروں نے ہسپتالوں میں منتقل کر دیا، تھانہ بی ڈویژن کے علاقہ غلہ منڈی کی طرف جانیو الے موٹر سائیکل سوار انور سے لفٹ والے موٹر سائیکل سواروں نے انور سے 56 ہزار روپے نقدی چھین لی، چوکی جیون پورہ سے چند فرلانگ کی دوری جھنڈا چوک کے قریب 2 مسلح محمد رضوان سے 1 لاکھ روپے نقدی، تھانہ صدر شیخوپورہ کے علاقہ مینار والا چوک اجنیانوالہ کے قریب 2 مسلح شیر فروش محمد سبحان سے 1 لاکھ روپے چھین کر فرار، تھانہ فیکٹری ایریا کی حدود نین سکھ کے قریب جوتے کے کارخانے کے منشی گلباز کو روک کر 2 مسلح بلا نمبری موٹر سائیکل سوار 6 لاکھ 80 ہزار روپے نقدی چھین کر فرار، اسی تھانہ کے علاقہ اقبال ٹاؤن کے قریب 2 مسلح اعجاز سے 10 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار، شرقپور شریف کے علاقہ نصیر آباد کے قریب رکشہ سوار ڈاکوؤں نے راشد علی کی خالہ کے کانوں سے طلائی بالیاں اتروا کر 14 ہزار روپے نقدی چھین لی، اسی تھانہ کے علاقہ نظام پورہ کے قریب 2 مسلح مقبول سے موٹر سائیکل اور 15 ہزار روپے نقدی، اسی تھانہ کے علاقہ حنیف فلور ملز کے قریب 2 مسلح عابد سے 15 ہزار روپے نقدی، اسی تھانہ کے علاقہ تریڈ سے والی کے قریب اکبر علی سے 2 مسلح 1 موبائل فونز اور نقدی 15 ہزار روپے نقدی، چھاپاں والی خانقاہ ڈوگراں میں 2 مسلح حیدر سے 50 روپے نقدی چھین کر فرار، مرید کے کے علاقہ سور موریا پل کے قریب مسلح موٹر سائیکل سواروں نے ماں بیٹے محمد بلال سے 12 ہزار روپے نقدی اسلحہ کی نوک پر چھین لی، سلامت پورہ مرید کے میں دوران ڈکیتی مزاحمت پر مسلح ڈاکوؤں نے گولی مار کر علی حسن سے 3 ہزار روپے نقدی چھین کر فرار مضروب کو ریسکیو اہلکاروں نے ٹی ایچ کیو ہسپتال مرید کے منتقل کر دیا، تھانہ فیروز والہ کے علاقہ 41 چک کے قریب 2 مسلح موٹر سائیکل سواروں نے ژوت رضا سے 30 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار، اسی تھانہ کے علاقہ ناصر ہسپتال کے باہر سے 2 مسلح مہران سے 30 ہزار روپے نقدی اور موٹر سائیکل نمبری 8936 اے جی ایل چھین کر فرار، سرحدی آبادی نت گاؤں آدھیاں سٹاپ کے قریب دوران ڈکیتی مزاحمت پر ڈاکوؤں نے کوڑی سہولاں کے رہائشی ٹریفک وارڈن زاہد رسول کو گولی مار کر زخمی کر دیا، اسی تھانہ کے علاقہ چک بھلے میں سکندر اور اسکی فیملی کو روک کر مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کی نوک پر طلائی بالیاں، 75 ہزار روپے نقدی اور 4 موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے۔

خاتون کیساتھ پیر کی اور گھر میں گھس کر اوباش ملزم کی جواں سالہ لڑکی کیساتھ زیادتی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مختلف واقعات میں دم کروانے آئی خاتون کیساتھ پیر کی اور گھر میں گھس کر اوباش ملزم کی جواں سالہ لڑکی کیساتھ زیادتی پہلے واقعہ میں موضع موڑہ کی خاتون کنیز فاطمہ بلڈ پریشر کا دم کروانے کیلئے محمد بشیر کے گھر گئی جو بیٹھک میں تنہا موجود تھا اس نے دوکان سے خاتون کیلئے کولڈ ڈرنگ منگوائی اور ساتھ ہی بیٹھک کا دروازہ بند کر کے پیر نے زبردستی خاتون کیساتھ زیادتی کر ڈالی دوسرے واقعہ میں موضع گلوٹیاں موڑ کی قمر النساء گھر میں اکیلی موجود تھی کہ اسی دوران اوباش ملزم منور انکے گھر میں گھس آیا اور آتے ہی اس نے جواں سالہ لڑکی کیساتھ زبردستی زیادتی کر ڈالی پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

پانچ ملزمان کا گھر میں گھس کر خاتون پر تشدد بیٹی سے بھی موبائل فون چھین لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پانچ ملزمان کا گھر میں گھس کر خاتون پر تشدد بیٹی سے بھی موبائل فون چھین لیا ڈسکہ کی خاتون نیلم اپنے گھر میں موجود تھی کہ اسی دوران ملزمان ضیف اقرائی صائمہ وقار اور ثناء گھر میں گھس آئے اور آتے ہی اس کی والدہ کو تشدد کا نشانہ بنا کر سنگین نتائج کی دھمکیاں دینا شروع کر دیں اور خاتون سے بھی موبائل فون چھین لیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

مقررہ ریٹ سے زائد قیمت پر چکن فروخت کرنے پر دوکاندار کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مقررہ ریٹ سے زائد قیمت پر چکن فروخت کرنے پر دوکاندار کیخلاف مقدمہ درج پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ نبہت روڈ ڈسکہ پر چھاپہ مارا تو دوکاندار محمد حسن بٹ چکن مقررہ ریٹ سے زائد قیمت پر فروخت کر رہا تھا جس کو پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

تاش جوا کھیلتا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار واؤچر لگی رقم برآمد، دو پولیس کو چکما دے کر فرار ہونے میں کامیاب

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تاش جوا کھیلتا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار واؤچر لگی رقم برآمد جبکہ دو پولیس کو چکما دیکر فرار ہونے میں کامیاب پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ محلہ ٹوٹیانوالہ میں یوسف اور دو نامعلوم تاش جوائی کھیل رہے ہیں پولیس نے چھاپہ مار کر ملزم یوسف کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم تین ہزار پانچ سو روپے برآمد کر لی جبکہ دو نامعلوم ملزمان پولیس کو چکما دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

ڈاکوؤں کی ٹریفک وارڈن انسپکٹر زاہد رسول پر فائرنگ

ریسکیو 1122 نارنگ نے ابتدائی طبی امداد دے کر لاہور میو ہسپتال ریفر کر دیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) آبادیاں روڈ پر ڈکیتی کی واردات ڈاکوؤں نے ڈیوٹی پر جانے والے ٹریفک وارڈن انسپکٹر زاہد رسول پر فائرنگ کر دی جس سے وہ شدید زخمی ریسکیو 1122 نارنگ نے ابتدائی طبی امداد دے کر لاہور میو ہسپتال ریفر منتقل کر دیا زاہد کوٹلی سیہول کا رہائشی ہے ڈیوٹی پر جانے کیلئے موٹر سائیکل پر گھر سے نکلا راستے میں ڈاکو واردات کر رہے تھے وردی میں دیکھ کر فائرنگ کر دی جبکہ نواحی گاؤں کوٹلی کو روٹانہ میں گندم کی کٹائی کے دوران جماعت اسلامی کے رہنما زاہد عمران کو روٹانہ کی موٹر سائیکل چوری ہو گئی نارنگ موڑ کے قریب ڈاکوؤں نے گھر کے باہر سوئے شخص کو باندھ کر گھر سے 7 تولے زیور اور 50 ہزار روپے نقدی لوٹ لی نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

کار سے بھاری مقدار میں چرس ولائتی شراب کی بوتلیں برآمد

11 سو ولائتی شراب کی بوتلیں برآمد کر کے ایک شخص کو گرفتار کر لیا گیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ صدر اوکاڑہ پولیس نے ناکہ بندی کر کے کار سے بھاری مقدار میں چرس ولائتی شراب کی بوتلیں برآمد کر کے ایک شخص کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پیشل برانچ کی اطلاع پا کر تھانہ صدر اوکاڑہ پولیس نے ناکہ بندی کر کے کار نمبر ایل ای سی 2333 کو روکا اور کار سے بھاری مقدار میں 11 سو ولائتی شراب کی بوتلیں برآمد کر کے ایک شخص کو گرفتار کر کے کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

2 اوباش ملزمان چھ سالہ بچے سے زیادتی کے بعد فرار ہو گئے

پولیس تھانہ سٹی نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے

ح

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7/19 اکتوبر 2024)

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات تیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی دعوے کے بارے میں اشتہار دہندہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھوانے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636000

تعزیتی اشتہارات

نمبر 1 طلبا اور طالبات کے انٹرویوز کے لیے ہمارے ادارے کے ساتھ ایک معاہدہ کیا جائے جس میں طلبا اور طالبات کے بیان میں ان اور اگر ہمسے سنے گا جائے گا۔ آئی سی ٹی میں دینے والی ٹرک سے بھی تفصیل جانے کی گئی ہے۔ 12 کروڑ کوڑی سود ے والی ڈاک کی کوٹھی میں کے چوت ڈال ہے۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر عائشہ صدیقی کی بیان فوزیہ صدیقی نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر رکھی ہے جبکہ اہلیہ بیٹی میں ہے میری جیل میں موجود ہیں۔

نمبر 2 ہیں۔ درخواست میں این ڈی ایز اور بہترین چیزیں بھجوانے کی ہدایت کی گئی ہے کہ کام فلسطین کے معصوم لوگوں کے لئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری فوری طور پر غزہ عوام کی امداد کرے، وہاں جنگ بندی کے لیے کردار ادا کرے۔

نمبر 3 صدر فرحد طفیل دیا۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے مطابق ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہم نے پہلے بھی طلبا اور وزیراعظم شہباز شریف نے اپنی صدر کو کھلے واضح رہے کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی بہن فوزیہ صدیقی نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر رکھی ہے جبکہ اہلیہ بیٹی بہن سے میری جیل میں ملاقات کر چکی ہیں۔

نمبر 4 شامل ہوں گے۔ درخواست میں این ڈی ایز اور بہترین چیزیں بھجوانے کی ہدایت کی گئی ہے کہ کام فلسطین کے معصوم لوگوں کے لئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری فوری طور پر غزہ عوام کی امداد کرے، وہاں جنگ بندی کے لیے کردار ادا کرے۔

نمبر 5 صدر فرحد طفیل دیا۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے مطابق ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہم نے پہلے بھی طلبا اور وزیراعظم شہباز شریف نے اپنی صدر کو کھلے واضح رہے کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی بہن فوزیہ صدیقی نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر رکھی ہے جبکہ اہلیہ بیٹی میں ہے میری جیل میں موجود ہیں۔

نمبر 6 دونوں جیلرز پارٹی بھی بات سن رہے ہیں، پی ٹی آئی کے ساتھ مولانا نے اتفاق کیا کہ ایک بیچ کی بات چیت ہوگی۔ اسلام آباد میں ملاقات ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مصدق ملک نے کہا کہ ہم نے مولانا فضل الرحمان کی بات سن رہے ہیں مولانا سے ملاقات ہوئی ہے اور ہماری بات ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پہلے بھی کہہ چکے ہیں کہ ہم نے مذاکرات کی کمیٹی بنائی ہے اور ہم نے کہا تھا کہ ہم نے اپنی کمیٹی کی بات چیت کی اور ابھی ان کی بات چل رہی ہے۔ مصدق ملک نے کہا کہ ہم نے پہلے بھی کہا ہے کہ ایک کمیٹی کے ذریعے ہم بات چیت کر رہے ہیں اور ہم نے کہا تھا کہ ہم اپنی کمیٹی کی بات چیت کی اور ابھی ان کی بات چل رہی ہے۔ مصدق ملک نے کہا کہ ہم نے کسی کو نہیں کہا کہ ہم کمیٹی کے ذریعے بات کریں گے، ہم نے کہا تھا کہ ہم اپنی کمیٹی کی بات چیت کی اور ابھی ان کی بات چل رہی ہے۔ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کی کمیٹی کے اجلاس کی رپورٹ ریڈ کی گئی۔ 16 ستمبر کو ہونے والے اجلاس کی رپورٹ ریڈ کی گئی۔ اجلاس میں 48 گھنٹوں میں اپنی کمیٹی کے مختلف شقوں میں دفعہ 144 نافذ ہے جس کے بعد تعلیمی اداروں بند رہے اور امتحانات ملتوی کر دیئے گئے ہیں۔

نمبر 7 اینڈمنٹ) ایکٹ 2024 اور پنجاب اٹھور سمدھ ایند ریگولیشن ایکٹ 2024 پر مشتمل کے گورنر پنجاب کی منظوری کے بعد یہ قوانین نافذ العمل ہوں گے۔

نمبر 8 ہیں۔ ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ

یحییٰ سنوار کی شہادت فلسطینیوں کے جذبۂ آزادی کو تقویت ملے گی، ضیاء الدین انصاری

جماعت اسلامی کے رہنماؤں کا حماس کے نئے سربراہ یحییٰ سنوار کی شہادت پر گہرے دکھ کا اظہار

یحییٰ سنوار اسرائیلی ٹینکوں کا بے جگری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے اور ہمیشہ کیلئے کامیاب ہو گئے

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے حماس کے نئے سربراہ یحییٰ سنوار کی شہادت پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یحییٰ سنوار اسرائیلی ٹینکوں کا بے جگری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے اور ہمیشہ کیلئے کامیاب ہو گئے۔ یحییٰ سنوار کی شہادت پر بلندی درجات کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی اور اسرائیل کی بربریت اور ظلم کے خلاف بھرپور مذمت کی گئی۔ اجلاس میں شرکاء سے امیر جماعت اسلامی لاہور کے کارضیاء الدین دیا اجلاس میں حماس کے نئے سربراہ یحییٰ سنوار کی شہادت پر بلندی درجات کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی اور اسرائیل کی بربریت اور ظلم کے خلاف جدوجہد جاری رکھنے کا عزم کیا۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری، ایڈووکیٹ نے حماس کے سربراہ یحییٰ سنوار کی شہادت کو امت کیلئے بڑا نقصان قرار دیا اور امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری حماس کے نئے سربراہ یحییٰ سنوار کی شہادت کو حوالے سے منعقدہ اجلاس میں اسرائیلی جارحیت کی مذمت کر رہے ہیں



سموگ تدارک کیلئے تجاوزات کیخلاف بڑے آپریشن کا حکم

تجاوزات قائم کرنے والوں کیخلاف بلاتفریق مقدمات کے اندراج کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کیلئے صحت مند آب و ہوا اور محفوظ مستقبل کی اقدامات ،ایئر کوالٹی انڈیکس میں بہتری کیلئے تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا حکم دے دیا گیا۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے ڈپٹی کمشنر کے خاتمے کیلئے تمام مشترکہ انتظامی اگمرہ جمٹ کمپنیوں کے دورے کیے۔ انہوں نے چوہدری، چین مندر، منگ لوز مال کیمپس کے ڈنڈ کے سرکل آفیسرز اکرم اکرم اور راشد باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

کچھ نہ کچھ ضرور ہے جس کی پردہ داری ہے، عامر ڈوگر

تاثر ہے جو بھی ترمیم ہو رہی ہے وہ ایک شخص کا راستہ روکنے کیلئے ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پی پی پی عامر ڈوگر نے کہا ہے کہ کچھ نہ کچھ ضرور ہے جس کی پردہ داری ہے۔ پارلیمنٹ میں میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ہماری اہم میٹنگ جاری ہے، جس میں فیصلہ کرنا ہے کہ آگے کیسے بڑھنا ہے، تاثر ہے کہ جو بھی ترمیم ہو رہی ہے وہ شبہات ہیں اور سمجھتا ہوں کہ یہ ابھی حتمی نہیں ایک شخص کا راستہ روکنے کیلئے ہے۔

کم عمر بچی کی بڑی عمر کے مرد سے زبردستی شادی کی کوشش، دلہا گرفتار

خواتین، بچوں کا استحصال کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، ایس پی صدر ڈاکٹر شہباز احمد

لاہور (این این آئی) کم عمر بچی کی بڑی عمر کے مرد سے زبردستی شادی کی کوشش ناکام، دلہا رشتہ لیکر گرفتار کرلیا گیا۔ پیمبوں کی لاج نے 12 سالہ بچی کی بڑی عمر کے مرد سے شادی کروانے کی



وزیر بلدیات ڈیشان رفیق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تمام ضلعی انتظامیہ کو آؤٹ سورسنگ ماڈل کی مکمل مانیٹرنگ کی ہدایت

چیف سیکرٹری کے ساتھ وزیر بلدیات کی زیر صدارت اجلاس میں ستھرا پنجاب پروگرام کا جائزہ

کنٹریکٹرز کو ذمہ داری دینے سے پہلے ہر خصیل میں زیرو ویسٹ کا کام مکمل ہونا چاہیے، ڈیشان رفیق

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات پنجاب ڈیشان رفیق نے تمام ضلعی انتظامیہ کو صفائی کے آؤٹ سورسنگ ماڈل کی مکمل مانیٹرنگ کی ہدایت کرتے ہوئے زور دیا ہے کہ ہمیں نظام کی کامیابی کے لئے شہریوں کو

کاملا ہیرس نے ٹرمپ کا اصلی چہرے بے نقاب کر دیا

امریکہ کے صدر کو تشدد برداشت کرنے کے قابل ہونا چاہیے، یہ ایک جمہوری ملک ہے، اسٹوڈیو

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ میں صدارتی انتخاب کی سرگرمیاں پورے زور و شور سے جاری ہیں، نائب صدر کاملا ہیرس نے ڈونلڈ ٹرمپ کو غیر مسلح، خطرناک بے اور لوگ ایسے شخص سے تنگ ہیں۔ انہوں نے کہا قرار دیا ہے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے



جنوبی لبنان اور غزہ میں لڑائی کے دوران مزید 5 اسرائیلی فوجی ہلاک

جنوبی لبنان اور غزہ کی پٹی میں لڑائی میں 9 فوجی شدید زخمی ہوئے، صیہونی فوج کا بیان

تل ابیب (این این آئی) جنوبی لبنان میں لڑائی کے دوران مزید 5 اسرائیلی فوجی مارے گئے۔ عرب ڈی پی کے مطابق اسرائیلی فوج نے ایک بیان میں کہا کہ جنوبی لبنان میں لڑائی کے دوران 9 فوجی شدید زخمی ہوئے۔ تمام زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

غزہ میں پناہ گاہ میں تبدیل کردہ سکول پر حملہ، 28 افراد جاں بحق

سکول میں مزاحمت کاروں کی موجودگی کے الزامات جھوٹ کے سوا کچھ نہیں، فلسطینی وزارت صحت

غزہ (این این آئی) فلسطینی غوطہ کی وزارت صحت کے ایک اہلکار نے بتایا کہ بے شمالی غزہ کی پٹی میں ایک پناہ گاہ پر اسرائیلی حملے میں یوں سمیت کم از کم 28 فلسطینی جاں بحق ہو گئے جبکہ اسرائیل کا دعویٰ اور مزید کئی زخمی ہو گئے ہیں۔ اس کا دعویٰ تھا کہ اس نے اتوار

دنیا کے سب سے بڑے یوٹیوبر کے نام سے اسرائیل مخالف بل بورڈ نصب

تفتیش سے معلوم ہوا شکاگو کے بل بورڈ کو کسی نے ہیک کر کے اسرائیل کے خلاف پیغام لکھ دیا، غیر ملکی میڈیا

شکاگو (این این آئی) امریکا کے شہر شکاگو میں دنیا کے سب سے بڑے یوٹیوبر کے نام سے دو بڑے اسرائیل مخالف بل بورڈ نصب کیے گئے ہیں۔ کہا جارہا تھا کہ ان دونوں بورڈز کو مبینہ طور پر مسٹر بیسٹ نے اسپانسر کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق تفتیش کرنے پر معلوم ہوا کہ شکاگو کے دونوں



لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شفاعت حسین کے ٹیکنو سٹاف یونین کے عہدیداران کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈائریکٹر جنرل ظہیر عباس کی ہدایت پر محکمہ آثار قدیمہ کی ٹیم کا دورہ راولپنڈی

جی ٹی روڈ کے قریب ماکیالہ گاؤں میں واقعہ یہ قدیم بدھ مت کے آثار کے لیے مشہور ہے

ماہر بیتکے مطابق، ماکیالہ اسٹوپا گندھارا دور سے تعلق رکھتا ہے اور اس کے بارے میں کئی داستانیں موجود ہیں

لاہور (خبر نگار) پنجاب کے محکمہ آثار قدیمہ و ڈائریکٹر جنرل ظہیر عباس ملک کی ہدایت پر ماکیالہ، قدیمہ اور میوزیم کے دسریان ہاہی تعاون کا نتیجہ کی کھدائی کا آغاز کر دیا تاہم یہ منصوبہ پنجاب ڈائریکٹوریٹ جنرل آثار قدیمہ، وفاقی محکمہ آثار و ورثے اور فروغ دینا ہے۔ اس جگہ کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آثار قدیمہ پنجاب کی جانب



ڈائریکٹر جنرل ظہیر عباس ملک کی ہدایت پر محکمہ آثار قدیمہ کی ٹیم راولپنڈی کا دورہ کر رہی ہے

جرمنی کا اسرائیل کو ہتھیاروں کی فراہمی جاری رکھنے کا اعلان

برلن (این این آئی) جرمنی نے اسرائیل کو ہتھیاروں کی فراہمی جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ العربیہ ہ کے مطابق جرمن چانسلر اولاف شولس نے بیان میں کہا گیا ہے جہاں تک ان کا تعلق ہے وہ ہمیشہ سے اس بارے میں بہت واضح رہے ہیں کہ اسرائیل کی حمایت کا مطلب اسرائیل کو اس کا دفاع یقینی بنانے کے لیے مدد دینا ہے تاکہ اس اسلحے سے اس کی استعداد بڑھ سکے اور اس کی فوج کو اسلحہ اور دیگر لوازمات ملتے رہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق چانسلر اولاف شولس نے ساتھ ہی اسرائیل کو یہ بھی یاد دلایا ہے کہ اسے اسلحے سے اس کی استعداد بڑھ سکے اور اس کی فوج کو اسلحہ اور دیگر قانون کی پابندیوں میں رہتے ہوئے کرے۔

پختونخوا کی جامعات میں وائس چانسلرز کی تعیناتی نہ ہونے پر تین عدالت کی درخواست

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کی یونیورسٹیوں میں عدالتی احکامات کے باوجود وائس چانسلرز کی تعیناتی نہ ہونے پر پشاور ہائیکورٹ میں تین عدالت کی درخواست دائر کردی گئی۔ تین عدالت درخواست میں چیف سیکریٹری، سیکریٹری ہائیر ایجوکیشن، صوبائی حکومت، سیکریٹری قانون اور اسٹیبلشمنٹ کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست پروفیسر اورنگزیب سمیت چار یونیورسٹیوں کے پروفیسرز نے دائر کی ہے۔ درخواست میں موقف باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

چیئرمین چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد کی ہدایت پر تقریب تقسیم تعلیمی انعامات کا انعقاد

وزیر اسپورٹ بلال اکبر خان کی بطور مہمان خصوصی شرکت، طلبہ کو بہترین کارکردگی پر انعامات سے نوازا

لاہور (این این آئی) چیئرمین چائلڈ پروٹیکشن بیورو پنجاب سارہ احمد کی ہدایت پر ایک تقریب تقسیم تعلیمی انعامات کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی وزیر اسپورٹ بلال اکبر خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس تقریب کا مقصد چائلڈ پروٹیکشن سکول میں ہونہار طلباء و طالبات میدان میں بہترین کارکردگی پر انعامات سے نوازنا تھا۔ تقریب سے اپنے خطاب میں وائس چانسلر نے تعداد میں بچوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر بچوں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں اضافہ، ایک ہفتے میں 19 اشیاء مہنگی ہوئیں

ملک میں مہنگائی کی سالانہ شرح 15.2 فیصد ہوگئی، ادارہ شماریات کی رپورٹ

لاہور (این این آئی) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح 0.28 فیصد بڑھ گئی، ملک میں مہنگائی کی سالانہ شرح 15.2 فیصد ہوگئی، ایک ہفتے کے دوران 19 اشیاء مہنگی ہوئیں جبکہ 9 کی قیمتیں کم ہوئیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر 30 روپے 84 پیسے فی کلو مہنگے ہوئے، ایک ہفتے کے دوران دال مونگ 30 روپے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39



لاہور: ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران علی ذیشان کی ایونیو کی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

ٹرمپ نے یوکرینی صدر کو روس کے ساتھ جنگ شروع کرنے کا ذمہ دار ٹھہرا دیا

واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی صدر و ریپبلکن ٹرمپ نے یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی پر روس کے ساتھ جنگ شروع کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ان تبصرے سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر وہ ڈونلڈ ٹرمپ 5 نومبر کو ہونے والے صدارتی انتخابات میں جیت جاتے ہیں تو وہ یوکرین کے بارے میں امریکی پالیسی کو مکمل تبدیل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے روس کے ساتھ امن کی کوشش میں ناکامی پر بھی یوکرین کو مورد الزام ٹھہرایا۔ انہوں نے متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ یوکرین کو امن معاہدہ کرنے کے لیے اپنی پکڑ روس کے حوالے کرنی پڑ سکتی ہے۔

نیٹ فلیکس صارفین کی تعداد میں تین ماہ کے دوران 50 لاکھ کا اضافہ

نیویارک (این این آئی) امریکی ویڈیو سٹریمنگ سروس نیٹ فلکس نے کہا ہے کہ رواں سال تیسری سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) کے دوران اس کے صارفین (مسکرا اٹھیرز) کی تعداد میں 50 لاکھ کے ساتھ 28 کروڑ 27 لاکھ تک پہنچ گئی اور آمدنی سالانہ بنیاد پر 15 فیصد اضافے کے ساتھ 9.8 ارب ڈالر رہی۔ ارب ڈالر رہا۔ تیسری سہ ماہی کے دوران اس کے صارفین کی تعداد میں 50 لاکھ کا اضافہ ہوا اور یہ ستمبر کے اختتام تک بڑھ کر 28 کروڑ 27 لاکھ سے زیادہ رہی۔

اسداللہ مشیات کیخلاف کامیاب آپریشن، وزیر اعظم کا پاک بحریہ کو خراج تحسین

مشیات کی اتنی بڑی مقدار کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنانا قابل ستائش ہے

اسداللہ مشیات مشن میں پاک بحریہ کو تمام سہولیات فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، شہباز شریف

خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک بحریہ کی تحریک قیادت کی بدولت 1.3 ارب مشیات کی روک تھام ممکن ہوئی۔ جاری بیان کے مطابق باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

پنجاب فوڈ اتھارٹی نے لاہوریوں کو جعلی ڈنکی پلانے کی کوشش ناکام بنا دی

جعلی کاربونیٹڈ ڈرنکس پوائنٹ پر چھاپہ، 750 لیٹر ڈرنکس، ایسنڈ اور متعلقہ اشیاء قلف، مقدمہ درج

فلک شیر، گیس مشین، چلر و ڈرنکنگ باتھ، خالی بوتلیں 900 تاریک بوتلیں ضبط کرلی گئیں، ڈی جی فوڈ اتھارٹی

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے لاہوریوں کو جعلی ڈنکی پلانے کی کوشش ناکام بنا دی۔ خفیہ اطلاع پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مختلف پوائنٹ پر چھاپہ مارا اور 750 لیٹر ڈرنکس، ایسنڈ اور متعلقہ اشیاء قلف، مقدمہ درج کرنے کا حکم دیدیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ